ABC CERTIFIED
وفاقی دارالحکومت سے شائع ہونیوالا مقبول وکثیر الاشاعت قومی اخبار

Daily SHEHAR NAMA Islamabad
روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد

ایڈیٹر
راجہ جاوید اختر

جوائنٹ ایڈیٹر
اسامہ امتیاز عباسی

جلد نمبر 06 | جمعۃ المبارک 21 اگست 2026ء 7 ربیع الاول 1448ھ صفحات 4 قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 347
فون: 0333-5196088 Email:sheharnama@gmail.com Web:www.sheharnama.com

متحدہ اپوزیشن کے قیام کا اعلان

فضل الرحمان کی محمود خان اچکزئی سے ملاقات

ملاقات میں بانی پی ٹی آئی کی صحت کے حوالے سے بھی بات چیت: یہ پہلی نشست تھی تاہم مزید مشاورت ہوگی، کل جماعتی کانفرنس پر بات ہونی چاہیے، سربراہ جے یو آئی ف

اسلام آباد(سٹاف رپورٹر)جمعیت علمائے اسلام پاکستان اور تحریک تحفظ آئین پاکستان کے درمیان متحدہ اپوزیشن کے قیام پر اتفاق ہوگیا ہے جس کا آغاز پارلیمنٹ سے ہوگا سربراہ جمعیت علمائے اسلام مولانا فضل الرحمان نے اپوزیشن رہنماؤں کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو میں اپوزیشن اتحاد کا اعلان کیا، جس سے قبل جمعیت علمائے اسلام اور اپوزیشن اتحاد کے درمیان اہم ملاقات ہوئی۔ ذرائع نے بتایا کہ اپوزیشن جماعتوں کا مشترکہ پارلیمانی پارٹی اجلاس بھی کل بلایا جائے گا اور اپوزیشن اتحاد مولانا فضل الرحمان سے بھی ملاقات کرے گا۔ ذرائع نے بتایا کہ ملاقات میں پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے بانی چیئرمین عمران خان کی صحت کے حوالے سے بھی بات چیت ہوئی مولانا فضل الرحمان نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ آج اپوزیشن کے ساتھ پہلی بیٹھک تھی اور ہم نے فیصلہ کیا ہے کہ متحدہ اپوزیشن بنائی جائے، یہ پہلی نشست تھی تاہم مزید مشاورت ہوگی۔ پاکستان پیپلز پارٹی (پی پی پی) کی شمولیت سے متعلق سوال (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

سرکاری ملازمین کے ذاتی سوشل میڈیا اکاؤنٹس کی نگرانی شروع

حکومت مخالف بیانیہ پر کارروائی ہوگی

حکومت کا نئے سول سرونٹس کنڈکٹ سختی سے عملدرآمد کا فیصلہ، افسران سوشل میڈیا اکاؤنٹس کی تفصیلات دینے کے پابند ہوں گے

قواعد کے دائرے میں ٹی وی، ریڈیو، پوڈ کاسٹ، بلاگ، ویڈیوز، ویب سائٹ اور سوشل میڈیا شامل، ذرائع

اسلام آباد(سٹاف رپورٹر)وفاقی حکومت نے سوشل میڈیا کے استعمال کے حوالے سے سول سروس کنڈکٹ رولز کی خلاف ورزی کے مرتکب ملازمین کے خلاف کارروائی کا اصولی فیصلہ کرتے ہوئے سرکاری ملازمین کے ذاتی سوشل میڈیا اکاؤنٹس کی بھی کڑی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 56)

قومی اسمبلی، سینیٹ ڈیفنس فورسز اور نیشنل کمانڈ اتھارٹی ایکٹ میں ترامیم منظور

دفاعی افواج کا ہیڈکوارٹر قائم کیا جائیگا، جو چیف آف ڈیفنس فورسز کی کمان اور اختیارات کے تحت ذمہ داریاں سرانجام دے گا

چیف آف ڈیفنس فورسز متعلقہ قوانین کے مطابق مسلح افواج میں کسی استعفی کو منظور یا مسترد یا ملازمت کو برقرار رکھ سکے گا

احکامات کو موثر بنانے میں مشکلات درپیش ہوں یا ایکٹ کے درمیان عدم مطابقت پر صدر مملکت ایسے مشکل کا ازالہ کریں گے

اسلام آباد(سٹاف رپورٹر)قومی اسمبلی کے بعد سینیٹ نے بھی پاکستان دفاعی افواج ایکٹ 2026ء میں ترامیم منظور کرلیں، ایکٹ 13 نومبر 2025ء سے نافذ العمل ہوگا۔ رپورٹ کے مطابق اسپیکر ایاز صادق کی زیر صدارت قومی اسمبلی کا اجلاس منعقد ہوا، و (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 57)

لاہور، وزیراعلیٰ مریم نواز سے استحکام پارٹی کے اراکین قومی اسمبلی ملاقات کر رہے ہیں

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف اسمبلی اجلاس کے بعد چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو، چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر، اپوزیشن لیڈر محمود اچکزئی سے مل رہے ہیں

عمران الشفاء ہسپتال منتقل

کارکنان نظم و ضبط کا مظاہرہ کریں، ہسپتال نہ جائیں

اسد قیصر، شیخ وقاص

سیکیورٹی کے سخت انتظامات، آئی جی اسلام آباد نے پولیس افسران کے ہمراہ اسپتال کا دورہ کیا، پولیس کی بھاری نفری تعینات، ہسپتال آنے اور جانے والے راستے بند

بانی کی ایک جھلک سے زیادہ ضروری ان کی صحت، اپنے قائد سے محبت کا ثبوت یہ دیں کہ ان کے علاج میں کوئی رکاوٹ نہ بنیں، سیکرٹری اطلاعات کی کارکنان سے اپیل

اسلام آباد(سٹاف رپورٹر)بانی پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) عمران خان سیکیورٹی حصار میں اڈیالا جیل سے شفا انٹرنیشنل اسپتال منتقل کر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 55)

اسلام آباد(سٹاف رپورٹر)عمران خان شفا انٹرنیشنل اسپتال منتقل کردیے گئے جس کے بعد پی ٹی آئی رہنماؤں نے کارکنان سے اپیل کرتے ہوئے کہا ہے کہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 54)

پٹرول 0.27، ڈیزل 1.64 روپے لیٹر مہنگا

اسلام آباد(سٹاف رپورٹر)حکومت نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں پھر اضافہ کردیا، جس کا نوٹیفکیشن بھی جاری کردیا گیا۔ پیٹرولیم ڈویژن سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) نے وفاقی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

پی آئی اے میں بھرتیاں کرنیکا اعلان، نوجوان ترجیح ہونگے

نئی انتظامیہ تیزی سے نئے جہازوں کی خریداری کے معاملے پر کام کر رہی

نئے جہازوں سے قبل فضائی میزبانوں وکپتانوں کی بھرتی کا عمل مکمل کرلیا جائیگا

اسلام آباد(سٹاف رپورٹر)پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائن نے لمبے عرصے کے بعد فضائی میزبانوں کی بھرتیوں کا اعلان کردیا ذرائع کے مطابق پی آئی اے انتظامیہ نے بڑا فیصلہ کرتے ہوئے فضائی میزبانوں کی بھرتیوں کا اعلان کردیا اوران کا عمل نئے جہازوں کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

حافظ نعیم کا ملک گیر ہڑتال، پہیہ جام، شٹر ڈاؤن کا اعلان

پٹرولیم لیوی کے خلاف احتجاجی کیمپ قائم کریں گے، کل کراچی میں جلسہ عام ہوگا، اسلام آباد کی جانب پیدل مارچ بھی کر سکتے

عمران خان سمیت تمام سیاسی قیدیوں کو رہا کیا جائے۔ امیر جماعت اسلامی پاکستان کی پریس کانفرنس

اسلام آباد(نمائندہ شہرنامہ)امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے پٹرولیم لیوی کے خاتمے کے مطالبے پر حکومت کو مزید احتجاج کا انتباہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ اگر عوام کو سہولت دینے کے لیے سنجیدہ اقدامات نہ اٹھائے گئے تو دھرنوں کا دائرہ پورے ملک میں پھیلائیں گے، 12 ربیع الاول کے اگلے ہفتے ملک گیر ہڑتال ہوگی، جس میں پہیہ جام اور شٹر ڈاؤن بھی شامل ہوگا۔ اسلام آباد میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ وہ آج لاہور میں دھرنا سے خطاب اور کل کراچی میں دھرنا کے مقام پر جلسہ عام ہوگا۔ اسلام آباد کی جانب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

عمران خان کی ہسپتال منتقلی، نظرثانی درخواست واپس

سپریم کورٹ میں خان کی ہسپتال منتقلی کے فیصلے پر نظرثانی درخواست دائر کی تھی

اسلام آباد(آئی این پی) سپریم کورٹ کے رجسٹرار آفس نے بانی پی ٹی آئی عمران خان کی شفا ہسپتال منتقلی سے متعلق عدالتِ عظمٰی کے فیصلے کے خلاف دائر نظرثانی درخواست پر اعتراضات عائد کرتے ہوئے اسے واپس کر دیا۔ ذرائع کے مطابق رجسٹرار آفس کی جانب سے عائد کئے گئے اعتراضات میں بتایا گیا ہے کہ درخواست کے ساتھ ضروری پیپر بکس اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

اسلام آباد میں اے جی پی آڈٹ کمپلیکس کا افتتاح

آپریشنل صلاحیت کو مضبوط بنانے کی جانب ایک اہم اقدام، مقبول گوندل

اسلام آباد(نمائندہ شہرنامہ) پبلک سیکٹر کے اداروں میں شفافیت، احتساب، مالیاتی نظم و ضبط اور گڈ گورننس کے فروغ میں آڈٹ ادارے کا اہم کردار ہوتا ہے۔ یہ بات آڈیٹر جنرل آف پاکستان مقبول احمد گوندل نے آج (جمعرات) کو اسلام آباد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

ٹرمپ کا ایران کیخلاف اقتصادی جنگ کا اعلان، حمایتی ممالک کو بھی دھمکیاں

تیل کی اسمگلنگ، کیش منتقلی، تبادلے اور شپ رجسٹریز، فرنٹ کمپنیوں کو فوری روکنا ہوگا، سوشل میڈیا پر جاری بیان

دنیا تیل سمگلنگ سمیت ایران سے ہر قسم کا معاشی تعلق توڑ لے ورنہ بڑے اقتصادی نتائج بھگتنا ہوں گے، امریکی صدر کی دھمکی

واشنگٹن (آئی این پی) امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کے خلاف معاشی جنگ چھیڑتے ہوئے تباہ کن معاشی پابندیوں کا اعلان کردیا اور دنیا کو خبردار کیا ہے کہ وہ تیل کی اسمگلنگ سمیت ایران سے ہر قسم کا معاشی تعلق توڑ لے ورنہ بڑے اقتصادی نتائج بھگتنا ہوں گے۔ صدر ٹرمپ نے اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹروتھ سوشل پر بیان جاری کرتے ہوئے کہا کہ ایران کے خلاف کسی بھی ملک کیخلاف اب تک کی جانے والی سب سے زیادہ تباہ کن معاشی کارروائی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

اسلام آباد، چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

حوثیوں کا آبنائے باب المندب بند کرنے پر غور

صنعا (آئی این پی) یمن کی حکومت نے کہا ہے کہ حوثیوں نے بحیرہ احمر میں آبنائے باب المندب بند کرنے پر غور شروع کر دیا ہے۔ غیرملکی میڈیا کے مطابق یمن کے وزیر اطلاعات نے خبردار کیا ہے کہ ایران کے حمایت یافتہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

5 برس میں 32 ہزار ارب سود ادا کیا گیا، وزارت خزانہ

پانچ برس میں ایک لاکھ 2 ہزار 780 ارب واپس بھی کیا گیا، ذرائع

اسلام آباد(مانیٹرنگ ڈیسک)وزارت خزانہ نے ملکی قرضوں کی تفصیلات پیش کردیں، دسمبر 2025ء تک پاکستان کا کل قرضہ 81 ہزار 374 ارب روپے ہے، حکومت نے پانچ برس میں قرضوں پر 32 ہزار 239 ارب روپے سود ادا کیا گیا۔ رپورٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

نئے صوبے، ایم کیو ایم کا پیپلز پارٹی کو مناظرے کا چیلنج

کراچی (آئی این پی) ایم کیو ایم پاکستان کے مرکزی رہنما زاہد ملک نے نئے صوبوں کے قیام کے معاملے پر پیپلز پارٹی کو مناظرے کا چیلنج دے دیا۔ اپنے ایک بیان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

پیٹرولیم نرخ کمی، کرایوں میں 10 فیصد کمی کا اعلان

حکومت پاکستان نے ٹرانسپوٹرز کے حق میں بہت بہتر فیصلہ کیا، صدر حاجی شیر علی

لاہور (آئی این پی) پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کے بعد ٹرانسپورٹ کرایوں میں 10 فیصد کمی کا اعلان کردیا گیا۔ تفصیل کے مطابق پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کے بعد لاہور میں پاکستان منی مزدا گڈز ٹرانسپورٹ ایسوسی ایشن نے کرایوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

اسلام آباد، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن پریس کانفرنس کررہے ہیں

پنجاب میں 15 دسمبر سے بلدیاتی انتخابات کروانے پر اتفاق

140A کے تحت بلدیاتی انتخابات کا انعقاد آئینی تقاضہ ہے، چیف الیکشن کمشنر

اسلام آباد(مانیٹرنگ ڈیسک) الیکشن کمیشن اور پنجاب حکومت کے درمیان 15 دسمبر 2026 سے 15 جنوری 2027 کے درمیان صوبے میں بلدیاتی انتخابات کروانے پر اتفاق ہوگیا۔ چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ کی صدارت میں پنجاب میں مقامی حکومتوں کے الیکشن کی تاریخ مقرر کرنے کے حوالے سے اجلاس ہوا، جس میں الیکشن کمیشن کو پنجاب میں حلقہ بندیوں کا عمل مکمل ہونے سے متعلق بریفنگ دی گئی۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

خواجہ آصف کی عمران خان کو نجی ہسپتال منتقل کرنے کی مخالفت

اسلام آباد (آئی این پی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے بانی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

شکرگڑھ میں آپریشن، بھارتی ساختہ اینٹی ٹینک مائن برآمد

شکرگڑھ (صباح نیوز) شکر گڑھ میں سول ڈیفنس بم ڈسپوزل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

کشمیر کی حقیقت کسی سفارتی بیان سے نہیں بدل سکتی، مشعال ملک

اسلام آباد (آئی این پی) حریت رہنما یاسین ملک کی اہلیہ مشعال ملک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف پنشن لائف سرٹیفکیٹ اجراء کی تقریب سے خطاب کررہے

ایرانی خطرات، رکن ممالک کے دفاع کے لئے تیار ہیں، نیٹو

برسلز (آئی این پی) یورپی ممالک کے اتحاد نیٹو نے کہا ہے کہ وہ ایران (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

حوثی حملے میں زخمی 6 پاکستانی ملاحوطن واپس، 2 میتیں بھی منتقل

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) حوثی حملے میں زخمی 6 پاکستانی ملاح (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

ریلوے ٹریک کی مرمت، بلوچستان ٹرین سروس ایک روز کیلئے معطل

کوئٹہ (آئی این پی) بلوچستان میں ٹرین سروس ایک روز کے لئے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

کیا سیاسی موسم بدل گیا ہے؟

بانی پی ٹی آئی کو ریلیف، نئے صوبوں کی بحث اور بدلتا منظر نامہ

-سپریم کورٹ کے فیصلے نے اقتدار کے ایوانوں میں نئی بحث چھیڑ دی

عمران کی ہسپتال منتقلی: طبی ضرورت، سیاسی مفاہمت یا کسی بڑی تبدیلی کا پیش خیمہ؟

اٹھائیسویں آئینی ترمیم اور 33 صوبوں کی تجویز نے سیاسی درجہ حرارت بڑھا دیا

نئے انتظامی یونٹس کے معاملے پر مسلم لیگ (ن) محتاط، پیپلز پارٹی کھل کر سامنے آگئی

-حکومت نے عدالتی فیصلے پر نظرثانی درخواست دائر کر کے اپنے تحفظات واضح کردیے

سیاسی حلقوں میں سوال: کیا پاکستان ایک نئے سیاسی باب میں داخل ہونے جا رہا ہے؟

راجہ جاوید
rajajaved786@gmail.com

ملکی سیاست میں ایک بھونچال آچکا ہے۔ سیاسی درجہ حرارت میں اچانک اضافہ ہوگیا ہے۔ بانی پی ٹی آئی کو تین برس جیل کاٹنے کے بعد ہسپتال منتقلی کا بڑا ریلیف مل چکا ہے۔ سپریم کورٹ کے فیصلے نے اقتدار کے ایوانوں میں کھلبلی مچادی ہے۔ اس فیصلے کی کئی تشریحات ہورہی ہیں۔ حتیٰ کہ حکومتی ایوانوں میں بھی سوالات پوچھے جارہے ہیں کہ آخر ہوا کیا اور ہونے کیا جارہا ہے۔ کسی کے مطابق تاریخ خود کو دہرا رہی ہے بلکہ ماضی قریب کی تاریخ، جیسے میاں نواز شریف اچانک جیل سے ہسپتال منتقل ہوئے اور اس کے بعد بیرون ملک چلے گئے۔ کسی کے مطابق بانی پی ٹی آئی کی صحت واقعی اتنی خراب ہے کہ انہیں ہسپتال منتقل کرنا ضروری ہو چکا تھا۔ اور کوئی اسے قومی اتفاق رائے کا رنگ دیتے ہوئے یہ کہتا سنائی دیتا ہے کہ قومی معاملات خاص طور پر 28 ویں ترمیم پر ایک پیج پر لانے کے لیے ایسا کیا گیا ہے جس میں حکومت کی مرضی شامل ہے۔ ہر کوئی یہ جاننا چاہتا ہے کہ پس پردہ کیا چل رہا ہے۔

ایک جانب معاملہ ہے 28 ویں آئینی ترمیم کے ذریعے چھوٹے انتظامی یونٹس کے قیام کا جس پر مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی بڑی سٹیک ہولڈرز ہیں۔ اقتدار کے ایوانوں میں برسوں سے یہ سوچ بچار جاری ہے کہ ملک عزیز کے گورننس کے مسائل بڑے صوبوں کے ساتھ حل نہیں ہو سکتے۔ موجودہ دور حکومت میں تو گراس روٹ لیول پر گورنس کی صورتحال بد سے بدتر دکھائی دینے لگی ہے جہاں عام شہری ہی نہیں انتظامی ڈھانچہ بھی شدید مسائل کا سامنا کر رہا ہے جس سے معیشت سے لے کر امن و امان تک سب متاثر ہو رہا ہے۔ نظر آ رہا ہے کہ موجودہ انتظامی سٹرکچر کے ساتھ عوام سکھ کا سانس نہیں لے سکتے۔

شہر اقتدار میں ہونے والی اس بات چیت اور غور وخوض سے صورتحال کی سنگینی واضح ہو رہی ہے۔ اس وقت سب سے زیادہ زیر بحث تجویز ڈویژن کی سطح پر نئے صوبوں کے قیام کی ہے جس کے تحت ملک میں 33 صوبے بنانے کو قابل عمل حل تجویز کیا گیا ہے جبکہ چاروں صوبوں کو تین سے چار ریجنز میں تقسیم کر کے کراچی اور گوادر کو وفاق کے زیر انتظام علاقے بنانے کی تجویز بھی زیر بحث ہے۔ ان میں سے کسی بھی تجویز پر عملدرآمد کی صورت میں سب سے زیادہ قربانی مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی کو ہی دینا ہوگی کیونکہ ان جماعتوں کا اقتدار تقسیم ہوکر رہ جائے گا۔ یہی وجہ ہے کہ تمام نظریں انہیں جماعتوں کے ردعمل پر ہیں اور اس ردعمل سے مستقبل کا سیاسی منظر نامہ جڑا ہوا ہے۔ مسلم لیگ (ن) ابھی تک صوبوں کے معاملے پر گول مول رد عمل دے رہی ہے لیکن زیادہ عرصہ تک خاموش رہنا اس کے لیے ممکن نہیں ہوگا۔ مگر پیپلز پارٹی نئے صوبوں کے قیام کے معاملے پر کھل کر سامنے آگئی ہے۔ پیپلز پارٹی جنوبی پنجاب کو تو صوبہ بنائے جانے کے حق میں ہے مگر سندھ میں انتظامی تقسیم کی واضح مخالفت کرتی ہے۔ بلاول بھٹو کہہ رہے ہیں کہ جن صوبائی اسمبلیوں سے قرارداد میں منظور ہو چکی ہیں ان کا احترام کیا جائے۔ ان کے کہنے کا مطلب یہ ہے کہ پنجاب اسمبلی میں جنوبی پنجاب صوبہ بنانے کے حق میں قرارداد منظور ہوئی تھی جبکہ سندھ اسمبلی میں صوبے کی تقسیم کے خلاف قرارداد منظور کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ جہاں اتفاق رائے موجود نہیں وہاں صوبے نہیں بننے چاہئیں۔ صوبوں کے معاملے پر عوامی رائے کے ساتھ کھڑے ہوں گے۔ بلاول بھٹو کا عوامی رائے کا مطلب ریفرنڈم نہیں بلکہ جو قرارداد میں عوامی نمائندوں نے منظور کر رکھی ہیں ان کی جانب اشارہ ہے۔

اب جبکہ اٹھائیسویں ترمیم کے ذریعے اصلاحات اور نئے انتظامی یونٹس کے قیام کا معاملہ سنجیدگی اختیار کرتا دکھائی دے رہا ہے اسی دوران بانی پی ٹی آئی کو تین برسوں میں پہلا بڑا ریلیف ملنا سب کے لیے حیران کن ہے۔ سپریم کورٹ کا فیصلہ آنے کے بعد ایک چیز تو واضح ہوگئی ہے کہ حکومت بانی پی ٹی آئی کے ہسپتال منتقل ہونے کے فیصلے سے خوش نہیں۔ تحریری فیصلہ جاری ہونے کے چند ہی گھنٹوں بعد وفاقی وزیر قانون وانصاف اعظم نذیر تارڑ کے اعلان نے صورتحال واضح کر دی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اس معاملے پر نظر ثانی کرنے جارہی ہے کیونکہ انہیں سرکاری ہسپتال کے بجائے پرائیویٹ ہسپتال منتقلی پر قانونی اعتراض ہے جس کے بعد وفاقی حکومت نے بانی پی ٹی آئی کی ہسپتال منتقلی کے فیصلے پر نظر ثانی درخواست دائر کر دی۔ یوں حکومت نے واضح کر دیا کہ وہ اس فیصلے سے خوش نہیں۔ حکومت سے تعلق رکھنے والی کئی شخصیات سمجھتی ہیں کہ اتنا بڑا سیاسی لیڈر جب جیل سے ہسپتال منتقل ہوتا ہے تو عام طور پر اس کا مطلب طبی اور قانونی معاملے ہی ہوتا ہے۔ ماضی میں جب میاں نواز شریف کے پلیٹ لیٹس اچانک گرنے لگے تو انہیں پہلے ہسپتال پھر بیرون ملک جانے کی اجازت ملی اور عمران خان دور کا سیاسی منظر نامہ ہی بدل گیا۔ پاکستان کی سیاست میں ہوتا بھی ایسا ہی ہے مگر کیا اس مرتبہ معاملہ مختلف ہے؟ اس بحث میں پڑے بغیر کہ بانی پی ٹی آئی کا معاملہ بھی میاں نواز شریف جیسا ہے یا مختلف یہ دیکھنا بہت اہم ہے کہ عدالتی فیصلے کے آپریشنل حصے میں کیا کہا گیا ہے۔ سپریم کورٹ نے حکم دیا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کو دو روز کے اندر اسلام آباد کے شفا انٹرنیشنل ہسپتال منتقل کیا جائے اور حکومت شفا ہسپتال کی انتظامیہ کے ساتھ مشاورت سے میڈیکل بورڈ تشکیل دے جو بانی پی ٹی آئی کا طبی معائنہ اور علاج کرے۔ بانی پی ٹی آئی کے معالج ڈاکٹر فیصل سلطان اور ان کی ہمشیرہ ڈاکٹر عظمٰی خان کو بھی اس طبی عمل میں ساتھ رہنے کی اجازت ہوگی۔ بانی پی ٹی آئی کو ان کے اہل خانہ سے ہفتے میں ایک مرتبہ ملاقات اور اپنے بیٹوں سے ہفتے میں دو مرتبہ فون پر بات کرنے کی بھی اجازت ہوگی۔ بانی پی ٹی آئی کے جیل واپس جانے یا ہسپتال رہنے کا تعین میڈیکل بورڈ کی سفارشات کی روشنی میں ہوگا۔ اگلی سماعت تک بانی پی ٹی آئی کے اہل خانہ ان کی جماعت اور وکلا ان کی طبی صورتحال اور میڈیکل رپورٹس میڈیا یا عوام کے سامنے نہیں رکھیں گے۔ پی ٹی آئی شفا ہسپتال کے احاطے میں عوام کو اکٹھا نہیں کرے گی اور بانی کی میڈیکل رپورٹس پر سیاست نہیں کرے گی۔ یہ فیصلہ آنے کے چند گھنٹے بعد ہی 8 ماہ بعد اڈیالہ جیل میں عمران خان کی ہمشیرہ سے ان کی ملاقات بھی کروادی گئی۔ کیس کی آئندہ سماعت 16 ستمبر کو ہوگی۔ بانی پی ٹی آئی اور ان کی جماعت کے سیاسی حریف اس فیصلے کی ٹائمنگ پر تو حیران ہیں ہی مگر وہ پی ٹی آئی قیادت کے سنجیدہ رویے پر بھی ششدر ہیں جو پہلے کبھی نہیں دیکھا گیا۔

روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد
Daily SHEHAR NAMA
ایڈیٹوریل
فون: 0333-5196088
0344-5335568
Email:sheharnama@gmail.com
پبلشر عائشہ تنویر نے روحانی آرٹ پرنٹنگ پریس 35/E چغتائی پلازہ فضل حق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد سے چھپوا کر سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد سے شائع کیا
رابطہ آفس: سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد
آفس: سٹریٹ نمبر 10، 11th ایونیو بحریہ انکلیو اسلام آباد

پاکستان میں گوگل کی انٹری، ٹیکنالوجی کے نئے دور کا آغاز

وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان میں گوگل کے پہلے دفتر کے افتتاح کے موقع پر کہا ہے کہ پاکستان میں حکومتی امور اور معیشت کی ڈیجیٹلائزیشن سمیت بڑے پیمانے پر ڈیجیٹل تبدیلی کا عمل جاری ہے۔ افتتاح سے قبل گوگل کے عہدیدار وِلسن وائٹ کی قیادت میں نو رُکنی وفد نے امریکی ناظم الامور نتالی بیکر کے ہمراہ وزیراعظم سے ملاقات بھی کی۔ ملاقات میں حکومتی "ڈیجیٹل نیشن پاکستان ویژن" پر بات کرتے ہوئے اُن کا کہنا تھا کہ قومی ڈیجیٹل ایکوسسٹم کی تشکیل کے لئے کئی اقدامات حتمی مراحل میں ہیں۔ وزیراعظم نے آئی ٹی انفراسٹرکچر کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے حکومتی عزم کا اعادہ کیا اور نوجوانوں کو آئی ٹی اور مصنوعی ذہانت کی تربیت دینے کے جاری پروگراموں کے بارے میں بریفنگ بھی دی۔ اُنہوں نے پاکستان کی ڈیجیٹل معیشت کے فروغ میں گوگل کے کردار کو سراہتے ہوئے اُن اقدامات کی تعریف کی جن کے ذریعے ہزاروں پاکستانی نوجوانوں کو روزگار کے مواقع ملے۔ اُنہوں نے اُمید ظاہر کی کہ گوگل نوجوانوں کی مہارتوں میں اضافے اور اُنہیں بااختیار بنانے کے لئے اپنی سرگرمیوں کو مزید وسعت دے گا۔ وِلسن وائٹ نے وزیراعظم کو مستقبل کے منصوبوں سے آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ مقامی دفتر پاکستان میں ڈیجیٹل تبدیلی تیز کرنے کے لئے گوگل کے عزم کو تقویت دے گا۔ اُنہوں نے کہا کہ موجودہ شراکت داری کو بنیاد بناتے ہوئے پاکستانی نوجوانوں کیلئے طویل مدتی مواقع پیدا کرنے اور مقامی کاروباروں کو عالمی سطح پر لے جانے میں مدد دی جائے گی۔ پاکستان میں مقامی شراکت داروں کے ساتھ قائم کروم بک اسمبلی لائن پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے وِلسن وائٹ نے کہا کہ پاکستان میں تیار ہونے والی کروم بکس کو خطے کے دیگر ممالک میں برآمد کرنے کے وسیع امکانات موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گوگل پاکستان کی نوجوان آبادی کی صلاحیتوں کو تسلیم کرتا ہے اور آئی ٹی، اے آئی، گیمنگ سمیت دیگر شعبوں میں مہارت بڑھانے کے پروگراموں کو وسعت دینا چاہتا ہے۔

پاکستان کو اِس وقت جن معاشی چیلنجوں کا سامنا ہے، اُن سے نبردآزما ہونے کے لئے روایتی طریقوں کے ساتھ ساتھ جدید اور غیر روایتی حل تلاش کرنا وقت کی اہم ترین ضرورت ہے۔ ایسے معاشی تناظر میں وزیراعظم کی طرف سے پاکستان میں عالمی شہرت کی حامل ٹیکنالوجی کمپنی گوگل کے پہلے باضابطہ دفتر کا افتتاح خوش آئند، اُمید افزاء اور انتہائی اہم پیشرفت ہے، یہ اِس بات کی روشن دلیل ہے کہ پاکستان کی آئی ٹی مارکیٹ عالمی سطح پر نہ صرف اپنی شناخت بنا رہی ہے بلکہ دنیا کی بڑی تکنیکی کمپنیاں بھی یہاں سرمایہ کاری اور مستقل موجودگی میں دلچسپی لے رہی ہیں۔ گوگل کی طرف سے اسلام آباد میں دفتر کے قیام کو محض ایک درآمدی یا تجارتی اقدام کے طور پر نہیں دیکھا جانا چاہئے بلکہ یہ پاکستان کے ڈیجیٹل مستقبل پر عالمی اعتماد کا مظہر ہے۔ اِس حقیقت سے انکار ممکن نہیں کہ موجودہ دور میں آئی ٹی، مصنوعی ذہانت اور ڈیجیٹل انفراسٹرکچر کسی بھی ملک کی ترقی کی بنیاد تشکیل دیتے ہیں۔ اگر پاکستان کو اپنی بڑی اور صلاحیتوں سے بھرپور نوجوان آبادی سے فائدہ اُٹھانا ہے تو اُس کے لئے اِس قسم کا بین الاقوامی تعاون ناگزیر ہے۔ سابق وزیر خزانہ اسد عمر نے "پے پال" کو پاکستان لانے کی کوششوں کا آغاز کیا تھا تاہم اُن کی کوششوں کے باوجود پے پال اُس وقت پاکستان میں اپنے باقاعدہ آپریشنز شروع کرنے پر رضامند نہیں ہوا تھا تاہم گوگل کے آجانے کے بعد اُمید کی جاسکتی ہے کہ وہ بھی یہاں آنے کے لئے جلد ہی رضامند ہو جائے گا۔ وزیراعظم کی طرف سے نوجوانوں کو مصنوعی ذہانت اور آئی ٹی کی جدید تربیت دینے کے جاری پروگراموں کا ذکر اِس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ حکومت انسانی وسائل کی درست سمت میں تربیت پر توجہ مرکوز کر رہی ہے۔ پاکستان کے پاس اِس وقت لاکھوں کی تعداد میں ایسے نوجوان موجود ہیں جو فری لانسنگ، سافٹ ویئر کی تیاری، ای کامرس اور گیمنگ کی صنعت میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا رہے ہیں تاہم بین الاقوامی ادائیگیوں کے نظام میں حائل رکاوٹیں اور عالمی کمپنیوں کی عدم موجودگی کی وجہ سے یہ نوجوان اکثر اپنی صلاحیتوں کے مطابق نتائج حاصل کرنے سے قاصر رہتے تھے۔ گوگل کی یہاں موجودگی سے نہ صرف انفراسٹرکچر میں بہتری آئے گی بلکہ نوجوانوں کو بین الاقوامی سطح پر روزگار اور کاروبار کے وسیع تر مواقع بھی میسر آئیں گے۔ مقامی شراکت داروں کے تعاون سے قائم کردہ "کروم بک اسمبلی لائن" کا قیام اور پاکستان میں اسیمبل ہونے والی کروم بکس کو خطے کے دیگر ممالک میں برآمد کرنے کا منصوبہ ایک ایسا اقدام ہے جو پاکستان کو محض ایک کنزیومر یا صارف منڈی کے بجائے برآمد کرنے والا ملک بنا سکتی ہیں جس سے ملکی زرِمبادلہ کے ذخائر اور برآمدات میں خاطرخواہ اضافہ ہوسکتا ہے۔ پاکستان میں ڈیجیٹل ایکوسسٹم کی پائیداری کے لئے پالیسیوں میں تسلسل، تیز رفتار انٹرنیٹ کی بلاتعطل فراہمی اور قوانین کو دورِ حاضر کے تقاضوں کے مطابق بنانا ہوگا۔ انٹرنیٹ کی بندش اور سُست رفتاری کے علاوہ ریگولیٹری رکاوٹوں جیسے مسائل نہ صرف مقامی صنعت کو متاثر کرتے ہیں بلکہ غیر ملکی سرمایہ کاروں کے اعتماد کو بھی ٹھیس پہنچاتے ہیں لہٰذا حکومت کو چاہئے کہ جہاں وہ ڈیجیٹل نیشن کے ویژن پر کام کر رہی ہے وہاں آئی ٹی انفراسٹرکچر کو بنیادی اور بلاتعطل سہولت کا درجہ دے تاکہ دیگر عالمی کمپنیاں بھی اپنے آپریشنوں کو بلاخوف وخطر وسعت دے سکیں۔ اِس کے ساتھ ساتھ، ملک کے تعلیمی اداروں اور ٹیکنالوجی کی صنعت کے درمیان روابط کو قائم کرنا بھی وقت کا اہم تقاضہ ہے، ہماری یونیورسٹیوں سے فارغ التحصیل ہونے والے طلباء کو اگر سکیلنگ اور اپ سکیلنگ کی جدید سہولیات ملیں تو وہ نہ صرف غیر ملکی زرِمبادلہ کما سکتے ہیں بلکہ ملکی سطح پر بھی جدید حل پیش کر کے بہت سے مسائل کا تدارک کر سکتے ہیں۔ حالیہ پیشرفت ظاہر کرتی ہے کہ اگر پالیسیاں درست سمت میں مرتب کی جائیں تو عالمی دنیا پاکستان کے امکانات کا اعتراف کرنے کے لئے تیار ہے۔ تمام متعلقہ اداروں کی ذمہ داری ہے کہ وہ اِس موقع کا بھرپور فائدہ اُٹھائیں، نوجوانوں کو وہ تمام سہولیات فراہم کریں جن کی مدد سے پاکستان دنیا کی اُبھرتی ہوئی ڈیجیٹل طاقت بن سکے۔

مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے، جرات مندانہ اقدام قرار!

ملکہ کوہسار
امتیاز احمد عباسی
Sheharnama@gmail.com

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر جاری بیان میں مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کی حمایت کرتے ہوئے اسے پاکستان، ترکیہ اور سعودی عرب کا جرات مندانہ اقدام قرار دیا اور کہا کہ یہ اس بات کا مظہر ہے کہ مشرقِ وسطیٰ متحد ہو رہا ہے اور اس خطے کے ممالک آخرکار زیادہ موثر انداز میں اپنا دفاع کرنے کے قابل ہوں گے۔ بظاہر امریکی صدر کا یہ بیان ایک مثبت پیش رفت ہے اور اسی بنا پر وزیراعظم محمد شہباز شریف نے اس کا خیر مقدم کیا ہے۔ سماجی رابطے کے ذریعے 'ایکس' پر وزیراعظم نے کہا کہ صدر ٹرمپ کے حمایت کے الفاظ کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ پاکستان اپنے برادر ملکوں سعودی عرب اور جمہوریہ ترکیہ کے ساتھ مل کر پورے خطے کے دفاع اور سلامتی کو یقینی بنانے میں تعمیری کردار ادا کرتا رہے گا۔ شہباز شریف نے مزید کہا کہ پائیدار امن عوام کے روشن اور خوشحال مستقبل کے لیے ضروری اور بنیادی شرط ہے۔

ایک طرف امریکی صدر تین سرکردہ مسلم ممالک کے مابین طے پانے والے دفاعی معاہدے کی حمایت کر رہا ہے اور دوسری جانب امریکا کی طرف سے مسلسل ناجائز صہیونی ریاست کو ہر قسم کی امداد و اعانت مہیا کر کے اس کے ہاتھ مضبوط کیے جا رہے ہیں۔ یہ بات غور طلب ہے کہ امریکی حمایت کی وجہ ہی سے ناجائز صہیونی ریاست پورے مشرقِ وسطیٰ میں دہشت گردی کی کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہے اور اس کی یہ کارروائیاں قابلِ قیاس مستقبل میں رکتی دکھائی نہیں دیتیں کیونکہ صہیونی گریٹر اسرائیل کے ایجنڈے پر کام کر رہے ہیں۔ یہ ایک ناقابلِ تردید حقیقت ہے پاکستان اور ترکیہ سمیت ہر وہ مسلم ملک صہیونیوں کو برا لگتا ہے جو دفاعی اعتبار سے اس حد تک مضبوط ہو کہ کسی بھی موقع پر ان کے سامنے کھڑا ہو سکے۔ مزید یہ کہ آزاد فلسطینی ریاست کے قیام کے حق میں ایک واضح اور دو ٹوک موقف اختیار کرنا بھی پاکستان اور ترکیہ جیسے ممالک کو صہیونیوں کے لیے ناقابلِ قبول بناتا ہے۔

اس معاملے کا ایک اہم پہلو یہ بھی ہے کہ صدر ٹرمپ نے غزہ کے لیے جس امن بورڈ کا اعلان کیا تھا اس کے ایک رکن نے حال ہی میں کہا ہے کہ غزہ میں جنگ کے خاتمے اور آئندہ کے انتظام سے متعلق مذاکرات حماس کے مکمل غیر مسلح ہونے کو بنیادی شرط سے جڑے ہوئے ہیں۔ ایک بین الاقوامی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق، بورڈ آف پیس کے ایک عہدیدار نے بتایا کہ غزہ میں موجود حماس کے تمام ہلکے اور بھاری ہتھیاروں کے ساتھ سرنگوں کو بھی ختم کیا جائے گا اور انہیں مستقبل میں دوبارہ استعمال نہیں کیا جا سکے گا۔ حماس کے مکمل غیر مسلح ہونے تک اسرائیلی فوج کو غزہ سے واپس بلانے یا دوبارہ تعینات کرنے کا فیصلہ نہیں ہوگا۔ اس انتظام میں اسرائیل کے لیے اپنے دفاع کا حق بھی برقرار رکھا گیا ہے۔ اگر حماس دوبارہ دہشت گردی یا مسلح ہونے کی کوشش کرتی ہے تو اسرائیل کارروائی کر سکے گا۔ یہ پیش رفت امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے داماد اور خصوصی ایلچی جیرڈ کشنر کی سربراہی میں بورڈ آف پیس کے وفد اور اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو کے درمیان ہونے والی بات چیت کے بعد سامنے آئی ہے۔

اسی طرح ناجائز صہیونی ریاست کی قومی سلامتی کے مشیر اتمار بن گویر کہہ رہے ہیں کہ اسرائیلی فوج کو غزہ میں ہر رات 30 سے 40 افراد کو ہلاک کرنا چاہیے۔ ایک انٹرویو میں غزہ کے لوگوں متعلق اشتعال انگیز بیان دیتے ہوئے اس انتہا پسند مشیر کا کہنا تھا کہ یہ کارروائی صرف خطرے کا سبب بننے والوں تک ہی محدود نہیں رکھنی چاہیے۔ غزہ میں کچھ ایسے لوگ بھی ہیں جو زندہ رہنے کے قابل نہیں۔ ان لوگوں کو زندہ نہیں رہنا چاہیے، وہ انسان ہی نہیں ہیں۔ اس بیان پر ردعمل دیتے ہوئے ایران کے نائب وزیر خارجہ کاظم غریب آبادی نے کہا ہے کہ صہیونی مجرم بیک وقت فلسطینیوں کی بے دخلی اور یہودی بستیوں کی تعمیر کی بات کر رہا ہے۔ ان اعترافات کو ثبوت کے طور پر محفوظ اور آن ریکارڈ رکھنا چاہیے تاکہ انھیں اسرائیلی مجرموں کے احتساب اور مقدمے کے دن پیش کیا جا سکے۔

اسی دوران میں یہ خبر بھی منظرِ عام پر آئی ہے کہ اسرائیلی فوج لبنان میں دوبارہ جنگ شروع کرنے کی تیاری کر رہی ہے کیونکہ اسرائیل حزب اللہ کے بنیادی ڈھانچے کو مکمل تباہ کرنا چاہتا ہے۔ دوسری طرف، امریکی ثالثی میں اسرائیل اور لبنان کے درمیان مذاکرات بھی جاری ہیں۔ اس سلسلے میں ترک صدر رجب طیب ایردوان نے کہا ہے کہ لبنان پر اسرائیل کے مسلسل حملے ترکیہ کے لیے شدید تشویش کا باعث ہیں۔ خطے میں جاری کشیدگی اور فوجی کارروائیوں پر انقرہ گہری نظر رکھے ہوئے ہے۔ الجزیرہ کو دیے گئے خصوصی انٹرویو میں ترک صدر نے کہا کہ ایسے حملوں سے نہ صرف لبنان میں انسانی بحران مزید سنگین ہو سکتا ہے بلکہ پورے خطے میں کشیدگی بڑھنے کا خطرہ بھی موجود ہے۔

علاوہ ازیں، صدر ٹرمپ نے آبنائے ہرمز کے معاملے پر عمان کو دھمکی دیتے ہوئے کہا ہے کہ اگر آبنائے ہرمز کھولنے کی کوششوں میں عمان نے رکاوٹ پیدا کی تو اسے بری طرح بمباری کا نشانہ بنائیں گے۔ 'فاکس نیوز' کو انٹرویو دیتے ہوئے امریکی صدر نے کہا کہ امریکا کے پاس اب بھی ہتھیاروں کے وسیع ذخائر موجود ہیں۔ ٹرمپ نے یہ بھی بتایا کہ انھیں ایران کے ساتھ جاری تنازعہ ختم کرنے کے لیے کوئی جلدی نہیں۔ اب ایران سفید جھنڈا لہرا کر سرنڈر کرنے کا اعلان کرے۔ ایران کی طرف سے وزارتِ خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے کہا ہے کہ ایران کی ثابت قدمی نے دشمنوں کے اندازوں اور منصوبہ بندی کو ناکام بنا دیا۔ ایک پریس بریفنگ میں بات کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ ایران کے قطر کے ساتھ مسلسل رابطے جاری ہیں۔ پاکستان اور قطر کشیدگی کم کرنے کے لیے کوششیں کر رہے ہیں۔ ایران ڈیڈ لائنز اور الٹی میٹمز کے دباؤ میں فیصلے نہیں کرتا۔ عمان کے ساتھ مذاکرات جاری ہیں، فریقین آبنائے ہرمز میں جہاز رانی کو محفوظ بنانے کے طریقہ کار پر کام کر رہے ہیں۔

مکہ باہمی دفاعی معاہدے کی اسٹریٹجک اہمیت

میڈیا آئی
عبدالباسط علوی
abdulbasitalvi@gmail.com

مکہ مکرمہ میں حال ہی میں منعقد ہونے والا سہ فریقی سربراہی اجلاس، جس میں مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے پر دستخط کے لیے سعودی عرب، ترکیہ اور پاکستان ایک جگہ جمع ہوئے، اسلامی دنیا کے جیو پولیٹیکل اور سیکیورٹی منظرنامے میں ایک بڑی پیش رفت ثابت ہوا۔ خادم الحرمین الشریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز آل سعود کی دعوت پر مشترکہ دفاع کے لیے منعقدہ مکہ المکرمہ سمٹ ※ کے دوران الصفا محل میں منعقد ہونے والی اس تقریب میں ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان اور پاکستان کے وزیراعظم محمد شہباز شریف نے شرکت کی، جبکہ تقریباً ایک سال کے مذاکرات کے بعد سعودی ولی عہد اور وزیراعظم محمد بن سلمان، صدر اردوان اور وزیراعظم شہباز شریف نے اس معاہدے پر دستخط کیے۔ اس موقع پر پاکستان کے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور نائب وزیراعظم بھی موجود تھے، جو اس معاہدے کی فوجی اہمیت کو نمایاں کرتا ہے۔ اس کی بنیادی شق یہ بیان کرتی ہے کہ ان تینوں میں سے کسی بھی ایک ملک پر مسلح حملہ تمام ممالک پر حملہ تصور کیا جائے گا، جس سے نیٹو کے آرٹیکل 5 کے قابلِ موازنہ ایک لازمی اجتماعی دفاعی عزم قائم ہوتا ہے اور اسے اکثر اسلامی دنیا کے لیے نیٹو طرز کا دفاعی معاہدہ قرار دیا جاتا ہے۔ یہ معاہدہ مشترکہ فوجی تربیت، انٹیلی جنس کی فراہمی، ٹیکنالوجی کی منتقلی اور دفاعی صنعتوں کے مابین ہم آہنگی کے ذریعے تعاون کو بھی وسعت دیتا ہے، جبکہ اس کا مقصد اجتماعی ڈیٹرینس، خودمختاری، علاقائی سالمیت، امن، سیکیورٹی اور استحکام کو مضبوط بنانا ہے۔ دہائیوں پر محیط دفاعی تعاون، مشترکہ اسٹریٹجک مفادات، تاریخی روابط، اسلامی یکجہتی اور اخوت کے رشتوں پر قائم یہ معاہدہ تینوں ممالک کے وسائل، صلاحیتوں اور اسٹریٹجک وسعت کو یکجا کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ اسلام کے مقدس ترین شہر میں اس پر دستخط اس کو ایک مضبوط علامتی اور روحانی پہلو بھی عطا کرتے ہیں، جو مشترکہ چیلنجوں کے خلاف مسلم اتحاد کی نمائندگی کرتا ہے۔ مزید برآں، سربراہی اجلاس میں تینوں ریاستوں کے مابین دیرینہ تعلقات کا جائزہ لیا گیا اور علاقائی و بین الاقوامی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا، جن میں مشرقِ وسطیٰ کے بڑھتے ہوئے تنازعات اور بدلتے ہوئے عالمی نظام میں استحکام کو برقرار رکھنے کا وسیع تر چیلنج شامل ہے۔

اس معاہدے کی اسٹریٹجک اہمیت اس کے رکن ممالک کی باہمی تکمیلی صلاحیتوں سے جنم لیتی ہے: خلیج کی سب سے مضبوط ریاست اور اسلام کے دو مقدس ترین مقامات کا مسکن سعودی عرب زبردست مالی وسائل کا حامل اور تیل کا ایک بڑا برآمد کنندہ ہے، اگرچہ 28 فروری سے ایران، یمن کے حوثیوں اور عراق کی شیعہ ملیشیاؤں کی جانب سے بار بار ہونے والے حملوں نے میزائل اور ڈرون حملوں کے سامنے اس کے بنیادی ڈھانچے اور توانائی کی تنصیبات کی حساسیت کو ظاہر کیا ہے۔ ایشیا اور یورپ کے درمیان واقع ترکیہ کے پاس نیٹو کی دوسری سب سے بڑی فوج ہے اور جدید ٹیکنالوجی، ہتھیاروں کی پیداوار و برآمدی صلاحیتوں اور جنگی تجربے کے ساتھ اس کی دفاعی صنعت تیزی سے پھیل رہی ہے۔ دنیا کا واحد ایٹمی صلاحیت کا حامل مسلم ملک پاکستان ایک مضبوط اسٹریٹجک ڈیٹرینس فراہم کرتا ہے۔ یہ معاہدہ ایران پر اسرائیلی اور امریکی حملوں، پورے مشرقِ وسطیٰ میں عدم استحکام، خلیجی ریاستوں کی حساسیت اور آبنائے ہرمز کی بندش کے بعد پیدا ہونے والے سنگین علاقائی بحران کے دوران سامنے آیا ہے، جہاں سے جنگ سے قبل دنیا کے ایک پانچویں حصے کے برابر تیل اور مائع قدرتی گیس گزرتی تھی؛ یہ ترک وزیر خارجہ خاقان فیدان کی جانب سے ایک وسیع تر علاقائی سیکیورٹی پلیٹ فارم کی سابقہ حمایت کی بھی عکاسی کرتا ہے۔ پاکستان کے لیے یہ معاہدہ انتہائی اسٹریٹجک اور معاشی اہمیت کا حامل ہے کیونکہ یہ دفاعی تعاون کو مضبوط بناتا ہے، سعودی مالیاتی وسائل تک ممکنہ رسائی فراہم کرتا ہے اور اسلام آباد کی شراکت داریوں میں ترکیہ کی جدید، نیٹو کے معیار کے مطابق فوجی صلاحیتوں اور مہارت کو شامل کرتا ہے۔ یہ ستمبر 2025 میں طے پانے والے پاکستان-سعودی عرب اسٹریٹجک باہمی دفاعی معاہدے کی بنیاد پر قائم ہوا ہے، جس نے اسی طرح کسی بھی ایک ملک پر حملے کو دونوں پر حملہ قرار دیا تھا اور تمام فوجی ذرائع کو شامل کیا تھا۔ یہ سہ فریقی معاہدہ پاکستان میں قومی فخر کا باعث بھی ہے، خاص طور پر 22 اپریل سے 10 مئی 2025 تک بھارت کے ساتھ ہونے والے 19 روزہ معرکہِ حق کے بعد، جو بھارت کے بڑے سائز کے باوجود پاکستان کی فیصلہ کن فوجی فتح پر ختم ہوا تھا، جس نے پاکستان کے بین الاقوامی وقار اور اس کی مسلح افواج پر عوام کے اعتماد میں اضافہ کیا۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا یہ دعویٰ کہ پاکستان کی فوج دنیا کی مضبوط ترین افواج میں سے ایک ہے، سعودی عرب اور ترکیہ کے پاکستان کے ساتھ باہمی دفاعی فریم ورک میں شامل ہونے کے فیصلے کے ساتھ مل کر پاکستان کی فوجی صلاحیت، پیشہ ورانہ طاقت اور دفاعی شراکت دار کے طور پر اس کی اسٹریٹجک اہمیت کا ایک روشن ثبوت ہے۔

مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ علاقائی سیکیورٹی کے ڈھانچے میں ایک بنیادی تبدیلی کی نمائندگی کرتا ہے، کیونکہ یہ امریکہ کے اتحادی سنی مسلم طاقتوں کا ایک طاقتور بلاک بناتا ہے اور یہ تینوں ممالک کے درمیان اسٹریٹجک تعاون کے ایک نئے دور کا اشارہ دیتا ہے جو مشرق وسطیٰ میں بڑھتی ہوئی افراتفری اور خطے میں اسرائیل کے جارحانہ کردار پر مشترکہ تشویش سے متاثر ہے۔

غلط کو غلط کہنے والے کہاں گئے؟

ان کہی
نسیم شاہد
nasimshahid7@hotmail.com

بیاسی سالہ پرفیسر ڈاکٹر حمید رضا صدیقی ایک ہمہ جہت شخصیت کے مالک ہیں۔ عمر کے اس حصے میں بھی وہ فلسطینیوں کو اڑھائی گھنٹے کھڑے ہو کر لیکچر دیتے ہیں۔ نظریہ پاکستان اور پاکستان ان کی روح میں بسا ہوا ہے۔ وہ کہتے ہیں کوئی مجھے یا میرے خاندان کو بُرا کہے میں برداشت کرلوں گا لیکن کوئی پاکستان یا نظریہ پاکستان کے خلاف بولے گا تو میں اس کی زبان کھینچ لوں گا۔ وہ نظریہ پاکستان فاؤنڈیشن کے فعال رکن ہیں، ان کی زندگی کا سنہری زمانہ وہ تھا جب ان کی ملاقاتیں محترمہ فاطمہ جناح سے ہوئی تھیں۔ ان کے گھر کمشنر ملتان عامر کریم خان کی جانب سے خدمات کے اعتراف میں لوح اعزاز نصب کرنے کی تقریب ہوئی تو ڈاکٹر حمید رضا صدیقی نے اپنی زندگی کی بہت سی انمول یادیں حاضرین محفل سے شیئر کیں۔ انہوں نے کہا جب ان کی محترمہ فاطمہ جناح سے ملاقات ہوئی تو انہوں نے پوچھا میں ایک نوجوان ہوں مجھے آپ کیا پیغام دیں گی۔ وہ بتاتے ہیں کہ محترمہ نے فرمایا تم غلط کو غلط کہنا سیکھو۔ وہ کہتے ہیں میں نے مادر ملت سے پوچھا میرے غلط کہنے سے کیا ہوگا؟ تو انہوں نے کہا تمہاری زندگی میں ایک وقت ایسا آئے گا جب تم یہ جان جاؤ گے کہ غلط کو غلط کہنا کتنا مشکل ہوتا ہے، جب سب غلط کو غلط نہیں کہتے تو معاشرے میں بگاڑ پیدا ہوجاتا ہے۔ جہاں تک اس سوال کا تعلق ہے کہ تمہارے غلط کو غلط کہنے سے کیا فرق پڑے گا تو اس کا جواب یہ ہے کہ بہت فرق پڑے گا۔ تمہیں دیکھ کر دوسرے بھی غلط کو غلط کہیں گے۔ حتیٰ کہ بڑھتے بڑھتے غلط کو غلط کہنے والے اتنے ہو جائیں گے کہ معاشرہ صحیح راستے کو پہچان لے گا۔ ڈاکٹر حمید رضا صدیقی کہتے ہیں کہ میں نے ان کی یہ بات پلے باندھ لی۔ آج تک غلط کو غلط اور صحیح کو صحیح کہا ہے۔ محترمہ فاطمہ جناحؒ بھی زندگی بھر غلط کو غلط کہتی رہیں اور انہوں نے کبھی اس پر سمجھوتہ نہیں کیا۔ انہوں نے کہا ان کی طویل زندگی میں بہت سے سرد و گرم مقام آئے مگر ایسے ہر موقع پر ان کے کانوں میں مادر ملت کا یہی جملہ گونجتا رہا کہ غلط کو غلط کہنا ہے۔ اس ایک وجہ سے میرا ضمیر آج تک مطمئن ہے، میں نے اپنے بچوں کو بھی یہی سکھایا ہے کہ وہ غلط کو غلط کہنا سیکھیں چاہے وقتی نقصان کا اندیشہ کیوں نہ ہو۔

میں سوچ رہا ہوں محترمہ فاطمہ جناحؒ نوجوانوں کو کیسا پیغام دیتی تھیں کہ جو ان کی زندگی بدل دیتا تھا۔ ان کی زبان میں کتنی تاثیر تھی کہ ایک جملہ سن کر زندگی بھر کر چلن بن جاتا تھا۔ آج کتنے رہنما ایسے ہیں کہ جن کی بات سن کر نوجوان اپنی زندگی کا راستہ متعین کر سکتے ہیں، شاید ایک بھی نہیں کیونکہ تضادات اتنے ہیں کہ جملے بے اثر ہو کر رہ جاتے ہیں، مثلاً اکثر نوجوان یہ پوچھتے ہیں کہ بڑے بڑے محلات اور کروڑوں روپے کی گاڑیوں میں گھومنے والے جب ہمیں ایمانداری اور سادگی سے زندگی گزارنے کا درس دیتے ہیں تو کیا اس کا نوجوانوں پر اثر ہوسکتا ہے وہ عالم دین جو دنیا کی بجائے آخرت کی تیاری کا کہتے ہیں، جب خود شاہانہ زندگی گزارتے ہیں۔ بڑی گاڑیوں اور فارم ہاؤسوں میں رہتے ہیں تو کیا ان کے قول و فعل کا یہ تضاد ان کی بات میں کوئی اثر رہنے دیتا ہے۔ اب ایسی جنریشن کے سامنے بھی اگر ہم پرانی نسل کے لوگ اس قسم کی شعبدہ بازی سے کام چلانے کی کوشش کریں گے تو ہماری کون مانے گا۔ محترمہ فاطمہ جناح کا ایک جملہ اگر نوجوانوں کی تقدیر بدل سکتا تھا، ان کی زندگی کو روشنی دے سکتا تھا تو آج کے رہنماؤں کی بے اثر تقریریں کیوں اثر نہیں دکھاتیں۔ وجہ صرف یہ ہے کہ آج کے رہنما خود ہی غلط کو غلط نہیں کہتے وہ دوسروں کو اس پر کیسے آمادہ کر سکتے ہیں۔ مادر ملت نے کتنے پتے کی بات سمجھائی تھی کہ غلط کو غلط کہنے والا شروع میں اکیلا ہوتا ہے لیکن اس کی بات میں چونکہ سچ موجود ہوتا ہے اس لئے اثر کرتی ہے اور منزل کی طرف اکیلا جانے والا اپنے پیچھے قافلہ بنا لیتا ہے۔ ہماری کہانی اس لئے بگڑی ہے کہ ہم نے غلط کو غلط کہنا چھوڑ دیا ہے۔ جھوٹ کی ملمع کاری میں ہمارے سچ چھپ گئے ہیں۔ آج کروڑوں اربوں لوٹنے کی کہانیاں سامنے آتی ہیں اور ہم انہیں معمول سمجھ کے قبول کر لیتے ہیں۔ پہلے احتجاج کر لیتے تھے، اب اس طرح منہ پر کپڑا رکھ کے گذر جاتے ہیں جیسے کوڑے کے ڈرم کو دیکھ کر گزر جاتے ہیں۔ رہنماؤں کو جب یہ معلوم ہو گیا کہ عوام نے صحیح اور غلط میں فرق کرنا چھوڑ دیا ہے تو وہ مزید بےفکر ہو گئے۔ آج آپ اگر سیاست کے منظرنامے پر نگاہ ڈالیں تو آپ کو شاید ایک بھی چہرا ایسا نہیں ملے گا جس پر ہر چیز موجود ہو گی۔ بجز داغِ ندامت۔ کہنے کو گلیوں بازاروں میں ایسے پوسٹرز بہت نظر آئیں گے جن پر لکھا ہو گا "نہ بکنے والا نہ جھکنے والا" مگر حقیقت اس کے برعکس ہوگی کہ وہ پہلے بھی بک چکا ہوگا اور سچ پر ثابت قدم رہنے کی بجائے جھک بھی چکا ہو گا۔

مصلحت کے بارے میں کہا جاتا ہے وہ بزدل اور مفاد پرستی کی ایک شکل ہے جب آپ کوئی غلط کام ہوتا دیکھتے ہیں اور مصلحتاً خاموش رہتے ہیں تو گویا شریک جرم ہو چکے ہوتے ہیں۔ دفتروں میں سب کچھ غلط میں ہو رہا ہے، لوگ اپنے کام کرانے آتے ہیں تو انہیں الجھا دیا جاتا ہے اور یہ الجھاہٹ اس وقت تک ختم نہیں ہوتی جب تک آپ وہ غلط کام نہیں کرتے جسے رشوت دینا کہتے ہیں۔ حیرت اس پر ہوتی ہے کہ دفتر میں بیس لوگ کام کر رہے ہوتے ہیں مگر کوئی یہ نہیں کہتا تم غلط کر رہے۔ سب ایک ہی لائن میں کھڑے نظر آتے ہیں۔ محترمہ فاطمہ جناح کی یہ بات بھی درست ثابت ہو گئی ہے کہ ایک وقت ایسا آئے گا جب غلط کو غلط کہنا بھی بہت دشوار ہو جائیگا۔ آج نجانے کتنے خوف اور مفاد ہم پر غالب آچکے ہیں جن کی وجہ سے ہم اپنے سامنے غلط کام ہوتا دیکھتے ہیں مگر خاموش رہتے ہیں۔ دو باتیں ہم میں اب باقی نہیں رہیں ایک حرف انکار اور دوسرا غلط کو غلط کہنا، اب نہ ہمارے پاس محترمہ فاطمہ جناحؒ ہیں جو کوئی بات کہیں تو پہلے خود اس پر عمل کر کے دکھائیں۔

کلام اقبال

تیری عمرِ رفتہ کی اک آن ہے عہدِ کہن
وادیوں میں ہیں تیری کالی گھٹائیں خیمہ زن
چوٹیاں تیری ثریا سے ہیں سرگرمِ سخن
تو زمیں پر اور پہنائے فلک تیرا وطن
(بانگِ درا)

فرمودات قائد



پاکستان کا دستور ابھی بننا ہے اور یہ پاکستان کی دستور ساز اسمبلی بنائیگی۔ مجھے معلوم نہیں کہ اس دستور کی ہیئت کیا ہوگی، لیکن اتنا یقین سے کہہ سکتا ہوں کہ یہ جمہوری نوعیت کا اور اسلام کے بنیادی اصولوں پر مشتمل ہوگا۔
(امریکی نامہ نگار سے انٹرویو فروری 1948ء)

SHEHAR NAMA شہرنامہ

فن و ثقافت

صبا قمر کا قوالی نائٹ میں رقص کی ویڈیو وائرل

کراچی (شوبز ڈیسک) پاکستانی شوبز کی معروف شخصیات صبا قمر اور یاسر حسین کی قوالی نائٹ میں شرکت کی ویڈیو سوشل میڈیا پر توجہ حاصل کر رہی ہے، جہاں دونوں فنکار محفل میں موسیقی، گائیکی اور رقص سے لطف اندوز ہوتے دکھائی دیے۔ قوالی کی محفل میں دونوں کی بے تکلف شرکت نے تقریب کو مزید دلچسپ بنا دیا۔ وائرل ویڈیو میں صبا قمر اور یاسر حسین قوالی کی دھنوں پر محوِ لطف نظر آتے ہیں اور موقع سے بھرپور انداز میں انجوائے کرتے دکھائی دیتے ہیں۔ محفل کی فضا اس وقت مزید جذباتی ہوگئی جب استاد نصرت فتح علی خان کی شہرۂ آفاق صوفیانہ قوالی 'تیرے بن نہیں لگدا دل میرا ڈھولنا' پیش کی گئی۔ قوالی کی دلنشیں دھنوں نے محفل میں ایک خاص کیفیت پیدا کر دی اور شرکا بھی اس سے محظوظ ہوتے رہے۔ تقریب میں صبا قمر گہرے میرون رنگ کی خوبصورت میکسی میں دکھائی دیں، جبکہ یاسر حسین نے سیاہ رنگ کا روایتی مشرقی لباس پہن رکھا تھا۔ دونوں نے تقریب میں کسی رسمی انداز کے بجائے نہایت بے تکلف اور خوش گوار انداز میں شرکت کی۔ قوالی نائٹ کے لیے تیار کیا گیا مقام بھی اپنی خوبصورتی کے باعث نمایاں رہا۔ چھت کو سیکڑوں ننھی سفید روشنیوں سے سجایا گیا تھا، جن سے تاروں بھرے آسمان جیسا منظر پیدا ہو رہا تھا، جبکہ ہلکی سنہری روشنی اور پھولوں کی سجاوٹ نے تقریب کی دلکشی میں مزید اضافہ کر دیا۔ ویڈیو سوشل میڈیا پر سامنے آنے کے بعد صارفین نے صبا قمر اور یاسر حسین کے بے ساختہ انداز، خوش مزاجی اور باہمی کیمسٹری کو پسند کیا۔ دونوں فنکاروں کی محفل میں بھرپور شرکت اور قوالی سے لطف اندوز ہونے کے انداز نے ویڈیو کو سوشل میڈیا پر خاصی توجہ دلائی ہے۔ تاہم کئی سوشل میڈیا صارفین وائرل ویڈیو پر ناخوش بھی ہوئے اور دونوں اداکاروں کو تنقید کا نشانہ بنایا۔

گووندا اور سنیتا کی طلاق کا معاملہ ختم، اداکارہ نے مقدمہ واپس لے لیا

ممبئی (مانیٹرنگ ڈیسک) بالی ووڈ اداکار گووندا اور سنیتا آہوجا کے درمیان علیحدگی کی قیاس آرائیوں کو اُس وقت بریک لگ گئی جب سنیتا نے طلاق کی درخواست واپس لے لی۔ گووندا کی ٹیم نے سنیتا آہوجا کی جانب سے طلاق کا مقدمہ واپس لیے جانے کی تصدیق کر دی ہے۔ ممبئی کی فیملی کورٹ میں سنیتا اپنے بیٹے یشوردھن آہوجا کے ہمراہ پہنچیں، جس کے بعد ایک مرتبہ پھر جوڑے کی ازدواجی زندگی سے متعلق چہ مگوئیاں شروع ہو گئیں۔ عدالت سے واپسی پر پاپارازی نے سنیتا سے وہاں آنے کی وجہ دریافت کی تو انہوں نے مسکراتے ہوئے مختصر جواب دیا، "برتھ ڈے منانے آئی تھی۔" سنیتا کی عدالت آمد کے بعد سوشل میڈیا اور بھارتی میڈیا میں مختلف قیاس آرائیاں گردش کرنے لگیں، تاہم گووندا کے منیجر ششی سنہا نے واضح کیا کہ فی الحال پریشانی کی کوئی بات نہیں۔ انہوں نے کہا کہ لوگ اتنے پریشان کیوں ہو رہے ہیں؟ سنیتا نے اپنا کیس واپس لے لیا ہے اور یہ تو خوشی کی بات ہے۔ ان کے مطابق عدالت میں سنیتا قدرے سخت یا ناراض دکھائی دیں تو لوگوں نے سمجھ لیا کہ شاید کوئی نیا مسئلہ پیدا ہو گیا ہے، حالانکہ جوڑے کے درمیان اب سب کچھ ٹھیک ہے۔ ذرائع کے مطابق سنیتا آہوجا نے 5 دسمبر 2024 کو ممبئی کی فیملی کورٹ میں ہندو میرج ایکٹ کے تحت طلاق کی درخواست دائر کی تھی۔ درخواست میں مبینہ بے وفائی، بدسلوکی اور علیحدگی کو بنیاد بنایا گیا تھا۔ تاہم اب سنیتا کی جانب سے مقدمہ واپس لیے جانے کے بعد گووندا اور ان کی اہلیہ کے درمیان طلاق کا معاملہ فی الحال ختم ہو گیا ہے۔ گووندا اور سنیتا آہوجا 1987 میں رشتہ ازدواج میں منسلک ہوئے تھے۔ دونوں کے دو بچے ہیں۔ ان کی بیٹی ٹینا آہوجا 37 سال جبکہ بیٹا یشوردھن آہوجا 29 سال کا ہے۔

سوناکشی کی آن لائن ٹرولنگ، شتروگھن سنہا نے بی جے پی پر الزام لگا دیا

ممبئی (شوبز ڈیسک) بالی ووڈ کے سینئر اداکار اور سیاست دان شتروگھن سنہا نے دعویٰ کیا ہے کہ ان کی بیٹی سوناکشی سنہا کو سوشل میڈیا پر نشانہ بنانے والی ٹرولنگ کے پیچھے مبینہ طور پر بی جے پی کا آئی ٹی سیل موجود ہے۔ سوناکشی سنہا حالیہ دنوں دہلی میں کاکروچ جنتا پارٹی کی قیادت میں ہونے والے طلبا احتجاج کی حمایت کرنے والی ابتدائی بالی ووڈ شخصیات میں شامل تھیں، جس کے بعد انہیں سوشل میڈیا پر شدید تنقید اور ٹرولنگ کا سامنا کرنا پڑا۔ شتروگھن سنہا، جو آل انڈیا ترینامول کانگریس (ٹی ایم سی) کے رکن بھی ہیں، نے بھارتی میڈیا سے گفتگو میں اپنی بیٹی کے سیاسی خیالات اور مستقبل میں سیاست میں ممکنہ انٹری کے ساتھ ساتھ ان کے خلاف ہونے والی آن لائن مہم پر بھی بات کی۔ 80 سالہ اداکار نے دہلی کے طلبا احتجاج کی سوناکشی کی حمایت کا دفاع کرتے ہوئے کہا کہ بعض افراد نے سوال اٹھایا تھا کہ اگر انہوں نے دہلی میں احتجاج کی حمایت کی تو جھاڑکھنڈ کے طلبا کے معاملے پر ایسا کیوں نہیں کیا۔ شتروگھن سنہا نے اس تاثر کو مسترد کرتے ہوئے بتایا کہ سوناکشی نے چند روز قبل جھاڑکھنڈ کے طلبا کی حمایت بھی کی تھی۔ اپنی بیٹی کے سیاسی خیالات کے بارے میں ان کا کہنا تھا کہ بعض معاملات میں سوناکشی کے نظریات ان سے بھی زیادہ مضبوط اور دوٹوک ہیں۔ تاہم جب ان سے سوناکشی کے مستقبل میں سیاست میں آنے کے امکانات کے بارے میں پوچھا گیا تو انہوں نے کہا کہ وہ اس بارے میں کچھ نہیں کہہ سکتے۔

شوبز کے کئی مرد ساتھی اداکاروں نے دھوکا دیا، سعدیہ امام

کراچی (شوبز ڈیسک) پاکستان کی معروف اداکارہ اور میزبان سعدیہ امام نے شوبز انڈسٹری میں اپنے ابتدائی دور کے تلخ تجربات کا ذکر کرتے ہوئے انکشاف کیا ہے کہ انہیں اپنے ہی قریبی مرد ساتھی اداکاروں کی جانب سے کئی مرتبہ دھوکے اور مخالفت کا سامنا کرنا پڑا۔ سعدیہ امام نے حال ہی میں ندا یاسر کے مارننگ شو 'گڈ مارننگ پاکستان' میں شرکت کی جہاں انہوں نے اپنے کیریئر اور شوبز میں بننے والی دوستیوں کے حوالے سے کھل کر گفتگو کی۔ سعدیہ امام نے بتایا کہ جب انہوں نے انڈسٹری میں قدم رکھا تو خواتین فنکاروں کی تعداد بہت کم تھی۔ یا تو ان سے بہت سینئر اداکارائیں کام کر رہی تھیں یا پھر جونیئر فنکارائیں، اس لیے ان کے حلقے میں زیادہ تر مرد ساتھی ہی شامل تھے۔ اداکارہ کے مطابق وقت گزرنے کے ساتھ انہیں احساس ہوا کہ جن لوگوں کو وہ اپنا قریبی دوست سمجھتی تھیں، انہی میں سے بعض نے ان کے کیریئر کو نقصان پہنچانے کی کوشش کی۔ انہوں نے کہا کہ کئی مواقع پر انہیں اپنے ساتھیوں کی ایسی گفتگو سننے کو ملی جس میں پروڈیوسرز یا دیگر افراد سے کہا جاتا تھا کہ سعدیہ امام کو کاسٹ نہ کیا جائے۔ سعدیہ امام کے مطابق ان کے بعض ساتھیوں کو شکایت تھی کہ وہ 'پارٹی گرل' نہیں تھیں اور شوٹنگ کے دوران ان کے ساتھ تفریح یا پارٹیوں میں شریک نہیں ہوتی تھیں۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ بیرون ملک ڈراموں کی شوٹنگ کے دوران بھی اسی وجہ سے انہیں بعض منصوبوں سے الگ کرنے یا مرکزی کردار کے بجائے سیکنڈ لیڈ دینے کی کوشش کی جاتی تھی۔

بقیہ نمبر 1

ایک کلو 800 گرام چرس رتہ امرال پولیس نے ایک ملزم سے ایک کلو 510 گرام جبکہ پیرودھائی پولیس نے ایک ملزم سے ایک کلو 100 گرام چرس برآمد کی۔ تینوں ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے ہیں۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ نمبر 2

کھوری، رکن قومی اسمبلی و پارلیمانی سیکرٹری وزارت انفارمیشن ٹیکنالوجی، رکن قومی اسمبلی جمال احمد خان ریکسانی اور رکن صوبائی اسمبلی تنویر اسلم راجہ نے شرکت کی۔ اس موقع پر ٹوبیکو کنٹرول سیل (TCC) کے مسٹر آفتاب احمد، پروفیسر ڈاکٹر متیع الرحمن، سینیٹر فیصل جاوید رانا اور کمپین فار ٹوبیکو فری کڈز (CTFK) کے مسٹر انیس احمد سمیت یوتھ مینٹورز اور عورت فاؤنڈیشن کی ٹیم بھی موجود تھی، جس میں چیف ایگزیکٹو آفیسر نعیم احمد مرزا، اینٹی ٹوبیکو پراجیکٹ کے ٹیم لیڈ سید صفدر رضا، ڈائریکٹر پروگرامز ممتاز مغل اور پروگرام آفیسر اینٹی ٹوبیکو پراجیکٹ فاطمہ جعفری شامل تھیں۔ نشست کے دوران شرکاء نے اس بات پر زور دیا کہ تمباکو کنٹرول کو صحتِ عامہ کی ترجیحات میں سرفہرست رکھا جانا چاہیے، خصوصاً ایسے وقت میں جب نوجوانوں میں تمباکو اور نئی نکوٹین مصنوعات تک رسائی اور ان کے استعمال کا رجحان تشویش کا باعث بن رہا ہے۔ شرکاء نے اس امر پر زور دیا کہ صرف آگاہی تک محدود رہنے کے بجائے ٹھوس پالیسی اور قانون سازی کے اقدامات کو یقینی بنایا جائے۔ نشست سے سامنے آنے والے اہم مطالبات میں تمباکو مصنوعات کی پیکنگ پر گرافک ہیلتھ وارننگز (GHWs) کا حجم موجودہ 70 فیصد سے بڑھا کر 85 فیصد کرنے کا مطالبہ بھی شامل تھا۔ شرکاء نے کہا کہ زیادہ بڑی اور نمایاں صحت سے متعلق وارننگز عوام کو تمباکو کے استعمال کے خطرناک اثرات سے آگاہ کرنے اور بالخصوص نوجوانوں کو تمباکو نوشی شروع کرنے سے روکنے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہیں۔ شرکاء نے تمباکو اور نکوٹین مصنوعات پر ٹیکس میں مؤثر اور باقاعدگی سے اضافہ کرنے پر بھی زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ تمباکو مصنوعات پر زیادہ ٹیکس عائد کرنے سے یہ مصنوعات خصوصاً نوجوانوں کے لیے کم قابلِ استطاعت ہوں گی، جس سے تمباکو کے استعمال میں کمی لانے میں مدد مل سکتی ہے۔ اجلاس میں اس امر پر بھی زور دیا گیا کہ تمباکو ٹیکس سے متعلق پالیسیوں پر مؤثر عملدرآمد یقینی بنایا جائے اور ان کا باقاعدگی سے جائزہ لیا جائے۔ پارلیمنٹیرینز نے تمباکو کنٹرول کے اقدامات کے لیے قانون سازی، پارلیمانی نگرانی اور قوانین پر مؤثر عملدرآمد کی اہمیت اجاگر کی۔ انہوں نے نوجوانوں کو پالیسی سازی اور آگاہی و وکالت کے عمل میں شامل کرنے پر بھی زور دیا تاکہ ان کی آواز اور تجربات کو قومی و صوبائی تمباکو کنٹرول کی حکمت عملیوں کا حصہ بنایا جا سکے۔ ماہرین صحت نے تمباکو اور نکوٹین کے مضر اثرات پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ نوجوانوں میں تمباکو کے استعمال کی روک تھام کے لیے شواہد پر مبنی پالیسیوں، مؤثر آگاہی مہمات اور قوانین پر سختی سے عملدرآمد کی ضرورت ہے۔ نشست میں یوتھ مینٹورز کو تبدیلی کے سفیر اور تمباکو کنٹرول کے وکلا کے طور پر تیار کرنے کی اہمیت کو بھی تسلیم کیا گیا۔ شرکاء نے کہا کہ نوجوان مینٹورز اپنے ساتھیوں، تعلیمی اداروں اور کمیونٹیز تک درست اور مستند معلومات پہنچانے میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ نوجوانوں کو علم، آگاہی اور وکالت کی مہارتوں سے بااختیار بنانا پاکستان میں تمباکو سے پاک معاشرے کے لیے ایک پائیدار تحریک تشکیل دینے میں بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔ پارلیمنٹیرینز، ٹوبیکو کنٹرول سیل، کمپین فار ٹوبیکو فری کڈز اور عورت فاؤنڈیشن کی شرکت نے حکومت، سول سوسائٹی، ماہرین صحت، پارلیمنٹیرینز اور نوجوانوں کے درمیان تمباکو کنٹرول کے حوالے سے باہمی تعاون اور رابطہ کاری کو مضبوط بنانے کے لیے ایک اہم پلیٹ فارم فراہم کیا۔ نشست کے اختتام پر تمباکو کنٹرول کی پالیسیوں کو مزید مضبوط بنانے، گرافک ہیلتھ وارننگز کو 70 فیصد سے بڑھا کر 85 فیصد کرنے، تمباکو اور نکوٹین مصنوعات پر ٹیکس میں اضافہ، مؤثر ٹیکس نظام، قوانین پر سختی سے عملدرآمد اور نوجوانوں کی بامعنی شمولیت کے عزم کا اظہار کیا گیا۔ شرکاء نے بالخصوص تمباکو اور نکوٹین مصنوعات پر ٹیکس میں اضافے کو صحتِ عامہ کے تحفظ کے لیے اہم قرار دیا۔ شرکاء نے پاکستان کی نوجوان نسل کو تمباکو اور نکوٹین کے مضر اثرات سے محفوظ رکھنے اور "تمباکو سے پاک پاکستان" کے وژن کو آگے بڑھانے کے لیے مشترکہ طور پر کام جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ نمبر 3

وسائل کی نچلی سطح تک منتقلی ہوگی اور معاشی صورتحال بہتر اور عوام کی خوشحالی میں اضافہ ہوگا، صوبوں کے قیام کے لیے بڑے پیمانے پر آئین میں ترامیم کی ضرورت ہے، صوبوں کے بجائے ہر ضلع کو صوبے کی سطح پر نمائندگی دی جائے، ان خیالات کا اظہار سپریم کورٹ بار کے صدر ہارون رشید، سابق سیکرٹری الیکشن کمیشن کنور دلشاد، ماہر معیشت ظفر اللہ خان، سینئر صحافی عمار مسعود، معروف بزنس مین ظفر بختاوری، نعیم صدیقی اور سردار منصور حیات ٹمن نے کیا، تھنک ٹینک ایڈووکیسی آویرنس اینڈ سسٹین ایبل سروسز آرگنائزیشن کے سی ای او ناصر جیلانی نے اپنے افتتاحی خطاب میں کہا کہ نئے صوبوں کے قیام کی ضرورت پر وسیع پیمانے پر بات کرنے کی ضرورت ہے اسی مقصد کے تحت اس اہم مذاکرے کا اہتمام کیا گیا ہے، یہ مذاکرہ ملک کے مستقبل کے اہم فیصلے کے لیے نہایت اہمیت کا حامل ہے، تھنک ٹینک آس کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر عظمیٰ ناصر اوشو نے موڈریٹر کے فرائض انجام دیے، عمار مسعود نے کہا کہ بدقسمتی سے ملک میں بلدیاتی نظام موجود نہیں، عوام کی خوشحالی اور بہتری کے لیے نئے صوبے وقت کی ضرورت ہے تاہم اس بات کا خیال رکھا جائے کہ یہ سب آئین کے تابع ہو اور جمہوریت کے منافی کوئی چیز نہ ہو، ظفر بختاوری نے کہا کہ نئے صوبوں کا قیام اختیارات کی نچلی سطح تک منتقل کرنے کا طریقہ ہے، سیاسی حکومتیں اختیارات نچلی سطح پر منتقل نہیں کرتی ہیں، نئے صوبے بننے سے ہسپتال، یونیورسٹیوں اور دیگر سہولیات میں اضافہ ہوگا اور وسائل کی نچلی سطح پر منتقلی ہوگی، سرمایہ کاری، صنعت، روزگار میں اضافہ ہوگا اور عوام کو صحت اور تعلیم کی زیادہ سہولیات ملیں گی، نئے صوبوں سے لسانیت کی بنیاد پر بھی کاری ضرب لگے گی، سابق سیکرٹری الیکشن کمیشن کنور دلشاد نے کہا کہ یہ نئے صوبوں کا قیام ایک طویل عمل ہے اس کے لیے آئین کے کئی آرٹیکل میں ترامیم کی ضرورت ہے، اس کے لیے پاکستان کو انڈیا کی طرز پر ایک کمیشن بنانا چاہیے اور اس کی سفارشات کی روشنی میں نئے صوبوں پر کام کیا جائے، ظفر اللہ خان نے کہا کہ قائداعظم کے 14 نکات میں نئے صوبوں کی کوئی گنجائش نہیں، نئے صوبوں سے سینٹ ٹوٹ جائے گا اور وفاق متاثر ہوگا، پہلے ہی صوبوں نے اپنی کارکردگی نہیں دکھائی، سردار منصور حیات ٹمن نے کہا کہ قومی اسمبلی اور بلدیات کی مدت میں کمی کی جانی چاہیے، نعیم صدیقی نے کہا کہ نئے صوبوں سے وسائل نچلی سطح پر منتقل ہوں گے، کاروبار بڑھے گا اور معیشت بہتر ہوگی۔

بقیہ نمبر 4

کے بعد معلوم ہوا کہ مذکورہ شخص موقع پر ہی جاں بحق ہو چکا ہے، ریسکیو اہلکار موقع پر موجود اور ضروری امدادی کارروائیوں میں مصروف رہے جبکہ مزید قانونی کارروائی کے لیے متعلقہ پولیس بھی موقع پر پہنچ گئی، ابتدائی تحقیقات مکمل ہونے کے بعد جاں بحق ہونے والے شخص کو تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال مری منتقل کر دیا گیا، دوسرا ٹریفک حادثہ لارنس کالج بائی پاس روڈ مری نزد زیارت گیٹ سے گاڑی سڑک سے نالے میں اتر گئی جس کی اطلاع ملتے ہی پنجاب ایمرجنسی سروس ریسکیو 1122 مری کی ریکوری ٹیم فوری طور پر موقع پر پہنچ گئی، ریسکیو اہلکاروں نے پیشہ ورانہ مہارت اور تکنیکی طریقہ کار کو بروئے کار لاتے ہوئے گاڑی کو بغیر کسی نقصان کے بحفاظت ریکور کر لیا اور ریسکیو آپریشن مکمل کر لیا گیا۔

بقیہ نمبر 5

صدارت سید وفاء الحق بخاری سرپرست اعلیٰ (لیٹی حذا) منعقد ہوا، تلاوت علامہ جواد ربانی ہاشمی نے کی، نعت قاری ساجد محبوبی نے پیش کی اجلاس میں تنظیم کی باڈی میں تشکیل نو ہوئی سرپرست سید وفاء الحق بخاری برقرار، منیر عباسی صدر، زاہد میر نائب صدر، راجہ محمد قذافی نائب صدر، صوفی محمد اشرف معصوی نائب صدر، علامہ جواد ربانی ہاشمی جنرل سیکرٹری، محمد نوید احمد ضیائی رابطہ سیکرٹری، خزانچی حافظ آفتاب رحمانی ممبران میں جناب ساجد محبوبی، شکیل سردار عدیل الیاس احمد افضال آحمد احمد خان، سردار کاشف، ظہیر ضیاء، فیصل سید افسر، حاجی صوبہ خان، الماس، عثمان پیکو والے، عرفان ڈار، ریحان افضل شہباز خان، عبدالصمد ڈاکٹر شیخ، طارق، حیدر علی ہارون سلیم بٹ، شرجیل خواجہ، ذیشان بٹ حاجی شیخ زاہد، ریحان قریشی، عرفان، محمد عابد، مقرب، عدنان، حکیم وحید شامل ہیں اجلاس میں جلوس کے وقت اور روٹ کو حتمی شکل دی گئی جلوس مرکزی جامع مسجد غوثیہ مری سے روانہ ہوگا اور اختتام مرکزی جامع مسجد غوثیہ مری میں ہوگا جہاں لنگر اور تقسیم انعامات ہوں گے، اجلاس کے اختتام پر سید وفاء الحق بخاری نے خصوصی دعا کرائی۔

بقیہ نمبر 6

تحصیل کوٹلی ستیاں ضلع مری کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے 2 کلو 840 گرام چرس برآمد کی۔ ملزم کے خلاف مقدمہ نمبر 134/26 تھانہ کوٹلی ستیاں میں درج کر لیا گیا، دوسری کارروائی میں ایس ڈی پی او مری محمد عرفان بٹ کی زیر نگرانی ایس ایچ او تھانہ پتریاٹہ سعید اکبر کیانی اور ان کی ٹیم، محمد لطیف شاہین ایس آئی نے کارروائی کرتے ہوئے منشیات فروش ساجد محمود ولد محمد جمال سکنہ چھاواں نیومری کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے 1 کلو 680 گرام چرس برآمد کر لی، پولیس ریکارڈ کے مطابق ملزم محمد سجاد عرف فوجی کے خلاف اس سے قبل بھی منشیات کے متعدد مقدمات درج ہیں، جن میں اٹک میں 1، اسلام آباد میں 2 جبکہ کوٹلی ستیاں میں 4 مقدمات شامل ہیں۔ ابتدائی تفتیش کے مطابق ملزم منشیات کا ہول سیل ڈیلر تھا جو مقامی سطح پر دیگر منشیات فروشوں کو منشیات سپلائی کرتا تھا، ڈی پی او مری رضا تنویر سپرا نے کامیاب کارروائیوں پر پولیس ٹیموں کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں بلاامتیاز جاری رہیں گی، نوجوان نسل کو منشیات سے محفوظ رکھنا مری پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔

بقیہ نمبر 7

ایک کروڑ تین لاکھ روپے مالیت کے 22 موبائل فون 15 لیپ ٹاپ 100 ایئر پوڈز اور 100 گھڑیاں برآمد ہوئیں۔ پولیس کے مطابق گینگ کا ٹارگٹ بیرون ملک سے وطن واپس آنے والے شہری ہوتے تھے۔ ملزمان کے دیگر ساتھیوں اور سہولت کاروں کی گرفتاری کے لیے کارروائی جاری ہے جبکہ مزید اہم انکشافات متوقع ہیں۔ ایس پی پوٹھوہار چوہدری اثر علی نے کہا کہ گینگ کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کیا جائے گا

بقیہ نمبر 8

علاقوں میں کی گئیں۔ گرفتار افراد کے خلاف قانونی کارروائی شروع کر دی گئی ہے۔ ڈویژنل ایس پیز کا کہنا ہے کہ منشیات اور ناجائز اسلحہ رکھنے والے افراد قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے اور ایسے عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی

بقیہ نمبر 9

چوہان، تجر اور گوجر خان کے علاقوں کے پانی کی نکاسی کا اہم ذریعہ ہے۔ اسسٹنٹ کمشنر گوجر خان کی زیر نگرانی میونسپل کمیٹی اور دیگر متعلقہ اداروں کی ٹیموں نے کلورٹ کو کھولنے کا کام کا آغاز کیا۔ ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کی خصوصی ہدایت پر واسا اور ضلعی کونسل کی مشینری بھی موقع پر طلب کر لی گئی ہے۔ ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر بارشوں کے پانی کی نکاسی کے لیے ہر اقدامات کر رہے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر راولپنڈی نے مزید کہا کہ محکمہ موسمیات کی جانب سے مزید بارشوں کی پیشنگوئی کی گئی شہری بارش کے دوران احتیاطی تدابیر اختیار کریں۔ بچوں پر خاص نظر رکھیں اور غیر ضروری سفر سے شہری اجتناب کریں۔

بقیہ نمبر 10

روپے مالیت کا قیمتی سامان منشیات شراب اور اسلحہ برآمد کر لیا

بقیہ نمبر 11

عباسی، چیئرمین مظلوم عباسی اور دیگر عہدیداران نے کہا کہ ہم نے عدالت سے سٹے لے رکھا ہے اس کے باوجود ہمارے چار بندوں کو گرفتار کیا جس میں ایک چھوٹا بچہ بھی شامل ہے کو زبردستی گاڑی میں بیٹھا کر لے گئے تھے جن کو آج ہم نے جرمانے ادا کر کے رہا کروایا جو ہمارے ساتھ نا انصافی ہے ہمارے ساتھ ایسے نوجوان بھی موجود ہیں جو اعلیٰ تعلیم یافتہ ہیں نوکریاں نہ ملنے کی وجہ سے محنت مزدوری کر کے اپنے بچوں کا پیٹ پالتے ہیں ہم نہیں چاہتے کہ وہ اپنا حلال روزگار چھوڑ کر جرائم کی دنیا میں قدم رکھیں یہ بمشکل اپنے روزمرہ کے اخراجات پورے کرتے ہیں احتجاج کی کوریج کیلئے آئے میڈیا کے نمائندے نے جب اے سی نیلور فیصل الاسلام کا موقف جاننے کی کوشش کی تو انہوں نے اپنا موقف دینے سے انکار کر دیا آپ دیکھیں کہ آٹا عام انسان کی پہنچ سے دور ہوتا جا رہا ہے اٹے کی فی بوری 12 ہزار اور فائین کی فی بوری 13 ہزار کراس کر چکی ہے اور ہمیں مجبور کیا جاتا ہے کہ روٹی کم قیمت پر فروخت کی جائے مگر اٹے کے ریٹ میں کمی نہیں کی جا رہی ہم کیسے روٹی سستی بیچ سکتے ہیں اس سے بہتر ہے کہ ہم تندور بند کر کے گھر بیٹھ جائیں انتظامیہ کی طرف سے شاپر پر اور دیگر چیزوں پہ تھریڈ جبکہ دودھ تل سوڈا شاپر لیبر ہر چیز کی قیمت دگنا ہو چکی ہے انتظامیہ سے گزارش ہے نان بھائیوں کا معاشی قتل بند کریں اور اٹے کی قیمتوں کو کنٹرول کریں ہماری وزیر اعظم پاکستان میاں شہباز شریف وزیر اعلیٰ مریم نواز اور حکام بالا سے مطالبہ ہے کہ آٹے کی قیمتوں میں کمی کی جائے اور ہمارے مطالبات پر غور کیا جائے۔

بقیہ نمبر 12

کے مختلف افسران نے انتہائی دکھ کا اظہار کیا ہے جن میں ذوالفقار سب انسپکٹر، یاسر بلال بٹ اے ایس ائی، راجہ ناصر اے ایس آئی، شکیل عباسی اے ایس آئی، سہیل رسول اے ایس آئی، ناصر عباسی اے ایس آئی، ملک راشد اے ایس آئی سمیت دیگر نے مرحوم پولیس آفیسر اے ایس ائی خالد مسیح کی اچانک وفات پر غمزدہ خاندان کے لیے صبر و تسلی کی دعا کی اور مرحوم کی خدمات کو جو انہوں نے مخلصانہ طور پر بھی انسانیت کی خدمت کے لیے بھی سرانجام دی ہیں ان خدمات کو خراج تحسین پیش کیا ہے

بقیہ نمبر 13

مری کے مرکزی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا، نماز جنازہ پرانی آٹا منڈی لوئر بازار مری میں ادا کی گئی، مفتی علامہ خالد محمود عباسی نے نماز جنازہ پڑھائی جس میں مذہبی، سیاسی، سماجی، کاروباری، صحافتی شخصیات، اہلیان راولپنڈی، اسلام آباد، سیالکوٹ، اہلیان مری اور عزیز و اقارب نے کثیر تعداد میں شرکت کی اور دعا کی کہ اللہ پاک مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائیں، آمین، ثم آمین

بقیہ نمبر 14

جس سے تاجروں کو شدید پریشانی کا سامنا ہے بارش ہوتے ہیں رنگ تبدیل ہو گیا ہے، جبکہ والٹر سٹریٹ کمپنی نے مال روڈ پر جامع مسجد صدیق اکبر کی کھڑکیاں بھی لگائی ہیں غیر معیاری میٹریل کے باعث بارشوں کے دوران تمام پانی مسجد میں داخل ہو جاتا ہے اور مسجد کی صفیں خراب ہو جاتی ہیں، مسجد انتظامیہ اور نمازی صفوں کو پانی سے بچاتے ہیں ایسی صورتحال میں نمازیوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے اس سلسلہ میں موقع معائنہ بھی کیا جا سکتا ہے، نمازیوں اور اہلیان علاقہ نے وزیراعلیٰ پنجاب، کمشنر راولپنڈی ڈویژن اور ڈپٹی کمشنر مری سے مطالبہ کیا ہے کہ موقع معائنہ کیا جائے اور غیر معیاری اور ناقص میٹریل لگانے پر والرسٹی کیخلاف سخت ترین کارروائی عمل میں لائی جائے اور مسجد میں بارشوں کے دوران آنیوالے پانی کو روکنے کے اقدامات کیے جائیں۔

بقیہ نمبر 15

کو مکمل طور پر متحرک کر دیا گیا ہے، شہر کے مختلف علاقوں میں شہریوں کو پانی کی بلاتعطل فراہمی کے لیے ٹینکرز کے ذریعے صاف پانی کی ترسیل کا عمل تیزی سے جاری ہے، اس تمام فلاحی اور ہنگامی آپریشن کی نگرانی ڈپٹی کمشنر مری، آغا ظہیر عباس شیرازی خود کر رہے ہیں تاکہ پانی کی فراہمی کے عمل میں شفافیت کو یقینی بنایا جا سکے اور شہریوں کو بروقت ریلیف مل سکے، ضلعی انتظامیہ اور واسا حکام کا کہنا ہے کہ پانی کی کمی کا شکار علاقوں پر خصوصی نظر رکھی جا رہی ہے تاکہ عوام کو کسی قسم کی مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے، عوامی حلقوں نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اور ضلعی انتظامیہ کے اس بروقت اقدام پر بھرپور اطمینان کا اظہار کیا ہے۔

بقیہ نمبر 16

زندگی اجیرن بن گئی۔ لوگ فاقوں کے باعث خود کشیوں پر مجبور۔ پٹرول کی بڑھتی قیمتوں نے مہنگائی کا طوفان برپا کر دیا۔ تاجر اور عام شہری پریشان۔ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ۔ تاجروں اور عام شہریوں کی مشکلات میں دن بدن اضافہ ہو گیا ہے۔ بڑھتی ہوئی مہنگائی نے کاروباری سرگرمیوں کو شدید متاثر کر دیا ہے۔ سروے کے مطابق عام شہری اور تاجروں کا کہنا ہے کہ وہ پہلے ہی مہنگائی اور کاروباری اخراجات کے باعث شدید پریشانی کا شکار ہیں، ایسے میں پٹرول کی قیمتوں میں بار بار اضافہ ان کے لیے مزید مشکلات پیدا کر رہا ہے۔ پٹرول مہنگا ہونے سے اشیائے ضروریہ کی چیزوں کے اخراجات بڑھتے ہیں، جس کا براہ راست اثر آٹا چینی گھی دودھ کی قیمتوں پر پڑتا ہے اور مہنگائی میں مزید اضافہ ہو جاتا ہے۔ عوام اور تاجر برادری نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کا سلسلہ روکنے اور مہنگائی پر قابو پانے کے لیے مؤثر اور عملی اقدامات کیے جائیں تاکہ کاروباری طبقے سمیت عام شہریوں کو ریلیف مل سکے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ ایک طرف پٹرول کی بڑھتی قیمتوں نے مشکلات میں اضافہ کر دیا ہے تو دوسری جانب بجلی کے بھاری بلوں اور بڑھتی ہوئی بجلی کی قیمتوں نے بھی عوام کو شدید متاثر کیا ہے۔ عوام نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ پٹرول اور بجلی کی قیمتوں میں کمی سمیت مہنگائی پر قابو پانے کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں

بقیہ نمبر 17

یہ دیکھنا بہت اہم ہے کہ عدالتی فیصلے کے آپریشنل حصے میں کیا کہا گیا ہے۔ سپریم کورٹ نے حکم دیا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کو دو روز کے اندر اسلام آباد کے شفا انٹرنیشنل ہسپتال منتقل کیا جائے اور حکومت شفا ہسپتال کی انتظامیہ کے ساتھ مشاورت سے میڈیکل بورڈ تشکیل دے جو بانی پی ٹی آئی کا طبی معائنہ اور علاج کرے۔ بانی پی ٹی آئی کے معالج ڈاکٹر فیصل سلطان اور ان کی ہمشیرہ ڈاکٹر عظمیٰ خان کو بھی اس طبی عمل میں ساتھ رہنے کی اجازت ہوگی۔

بقیہ نمبر 18

راست دکھانے کا اہتمام کرے پوری امت مسلمہ ہی نہیں بلکہ پوری انسانیت آپ کی ولادت باسعادت کی خوشیوں میں شامل ہو جائیں۔ درود و سلام کی کثرت کی جائے معاشرے کے غریب مسکین یتیم اور مستحق افراد کی ضرورت کا خیال اپنی خوشیوں میں شریک کیا جائے ربیع الاول کا بابرکت اور مقدس مہینہ ہمیں محبت رسول اکرم ﷺ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے اظہار اور آپ کی تعلیمات کو اپنی زندگیوں میں عملی طور پر اپنانے کا پیغام دیتا ہے ان خیالات کا اظہار سرپرست اعلیٰ مرکزی میلاد جلوس کمیٹی شکریال راولپنڈی اسلام آباد، ممتاز عالم دین استاذ العلماء علامہ ابوالعباس محمد ہاشم حقانی نے شہرنامہ کے ساتھ خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ ربیع الاول کے ان بابرکت ایام میں گھر گھر نعت خوانی کا اہتمام کیا جائے اور درود و سلام کی کثرت کی جائے اور اپنے گھروں کو ذکر مصطفیٰ ﷺ سے منور کیا جائے خوشی کے ان لمحات میں معاشرے کے غریب مسکین یتیم اور مستحق افراد کو ہرگز فراموش نہ کیا جائے بلکہ ان کی ضروریات کا خیال رکھتے ہوئے انہیں اپنی خوشیوں میں شریک کیا جائے انہوں نے کہا کہ محبت رسول ﷺ کا حقیقی تقاضا صرف زبانی اظہار نہیں بلکہ آپ کی سنتوں پر عمل اور اخلاق حسنہ کو اپنانے اور شریعت مطہرہ کے احکامات کی پابندی کرنا ہے ہمیں چاہیے کہ اپنی روز مرہ زندگی کو سنت نبوی ﷺ کے مطابق ڈھالیں معاملات میں سچائی و دیانت اختیار کریں والدین کا احترام کریں پڑوسیوں ضرورت مندوں کے حقوق ادا کریں اور معاشرے میں محبت اخوت اور خیر خواہی کو فروغ دیں انہوں نے مزید کہا کہ ربیع الاول ہمیں اس عہد کی دعوت دیتا ہے کہ ہم اپنی زندگیوں میں سنت مصطفیٰ ﷺ کو زندہ کریں اور شریعت مطہرہ پر عمل کرتے ہوئے اپنے آقا و مولی حضرت محمد ﷺ کی تعلیمات کو عام کریں یہی حقیقی محبت اور عقیدت کا تقاضا ہے انہوں نے اہل اسلام سے اپیل کی کہ اس بابرکت مہینے میں نعت خوانی درود و سلام صدقات خیرات اور مستحقین کی مدد کے ساتھ ساتھ اپنے کردار اور اعمال کو بھی سنت رسول ﷺ کے سانچے میں ڈھالنے کا عزم کریں

بقیہ نمبر 19

ٹیموں نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے ملزمان کو گرفتار کیا۔ ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے مزید قانونی کارروائی جاری ہے۔ ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد نے کہا کہ غیر قانونی اسلحہ رکھنے اسلحے کی نمائش اور ہوائی فائرنگ کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ شہریوں کی جان و مال کو خطرے میں ڈالنے والوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی جاری رہے گی۔ انہوں نے والدین سے اپیل کی کہ وہ اپنے بچوں کی سرگرمیوں پر کڑی نظر رکھیں اور انہیں اسلحے کی نمائش ہوائی فائرنگ اور دیگر جرائم سے دور رکھیں

بقیہ نمبر 20

انہیں آزاد کشمیر کابینہ میں شامل کیا جا ہے۔ انہوں نے کہا کہ انجینئر محسن عزیز ایک تعلیم یافتہ اور باصلاحیت پروفیشنل ہیں، جو اسمبلی میں نوجوانوں، انجینئرز کمیونٹی اور پڑھے لکھے طبقے کی مؤثر نمائندگی کرتے ہوئے آزاد کشمیر کے عوام کی خدمت کر سکتے ہیں۔ پیج کے جنرل سیکرٹری کا کہنا تھا کہ حالیہ انتخابات میں حلقہ حویلی سے مسلم لیگ (ن) کے امیدوار انجینئر محسن عزیز کو مبینہ طور پر دھاندلی کے ذریعے ہرایا گیا۔ جو ان کے ساتھ ایک سنگین ناانصافی ہے۔ انہوں نے کہا کہ انتخابی عمل سے متعلق شکایات اور تحفظات کے باعث فیڈرل اور کشمیر کی انجینئرز کمیونٹی میں شدید تشویش پائی جاتی ہے اور انجینئرز کمیونٹی انجینئر محسن عزیز کے حق میں سراپا احتجاج ہے۔ ان کے مطابق محسن عزیز کو ٹیکنو کریٹ نشست پر نمائندگی دینا نہ صرف ایک باصلاحیت انجینئر کی خدمات سے فائدہ اٹھانے کا موقع ہوگا بلکہ تعلیم یافتہ نوجوانوں اور پروفیشنل طبقے کی حوصلہ افزائی بھی ہوگی۔ انجینئر فیصل حیات نے مزید کہا کہ انجینئرز کمیونٹی انصاف کے حصول کے لیے اپنے آئینی و جمہوری حق کے تحت جدوجہد جاری رکھے گی۔ اگر انجینئر محسن عزیز کو انصاف فراہم نہ کیا گیا تو آزاد کشمیر اور پاکستان بھر میں احتجاج کا دائرہ وسیع کیا جائے گا۔ انہوں نے مسلم لیگ (ن) کی قیادت سے مطالبہ کیا کہ انجینئر محسن عزیز کی اہلیت، پیشہ ورانہ صلاحیت، سیاسی جدوجہد اور انجینئرز کمیونٹی کی حمایت کو مدنظر رکھتے ہوئے انہیں ٹیکنو کریٹ نشست پر نمائندگی دی جائے، تاکہ وہ آزاد کشمیر کے عوام، نوجوانوں اور تعلیم یافتہ طبقے کی خدمت مؤثر انداز میں کر سکیں

بقیہ نمبر 21

اشفاق نے اڈیالہ پریس کلب کے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے بتایا کہ گاؤں سائل سویڑی سابقہ انتخابی حلقہ بندی کے دوران بیور یونین کونسل سے نکال کر لہڑی یونین کونسل کے ساتھ منسلک کر دیا گیا تھا۔ اس فیصلے پر میں نے نے الیکشن کمیشن آف پاکستان میں باقاعدہ درخواست دائر کی اور اپنے گاؤں سائل سویڑی کو دوبارہ بیور یونین کونسل کے ساتھ منسلک کروانے کے لیے بھرپور انداز میں کیس پیش کیا اور اس کا دفاع کیا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اہل علاقہ کی دعاؤں سے میری کاوشیں رنگ لائیں اور آج گاؤں سائل سویڑی کو دوبارہ بیور یونین کونسل کے ساتھ منسلک کر دیا گیا ہے۔ اس کامیابی پر اہل علاقہ نے راجہ محمد اشفاق کو دلی مبارکباد پیش کی اور ان کی بھرپور جدوجہد، محنت اور قانونی و جمہوری طریقے سے اپنے علاقے کا مقدمہ لڑنے کو سراہا۔ اہل علاقہ نے اس امید کا اظہار کیا کہ راجہ محمد اشفاق آئندہ بھی علاقے کے عوام کے حقوق اور مسائل کے حل کے لیے اسی جذبے، محنت اور خلوص کے ساتھ اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے

بقیہ نمبر 22

علماء مشائخ سپریم کونسل میں ڈاکٹر مفتی میر اشتیاق احمد ایڈووکیٹ۔ مولانا عطاالرحمٰن مدنی۔ سید امجد شاہ بخاری۔ اور امجد اسلام امجد شامل ہیں۔ جبکہ چیئرمین پاکستان عوامی قوت پارٹی سے دیگر وفود نے بھی ملاقات کی جن میں طاہر خان۔ ظفر خان۔ اصغر خان۔ احسان اللہ خان۔ امان اللہ خان۔ عظیم خان۔ عشرت خورشید۔ امجد حسین علوی۔ سید انجم شاہ اور دیگر سیاسی و سماجی رہنما شامل تھے پاکستان علماء مشائخ سپریم کونسل اور دیگر وفود سے بات چیت کرتے ہوئے پاکستان عوامی قوت پارٹی کے سربراہ خاقان وحید خواجہ نے کہا کہ ہم پارٹی کے تمام ونگز کو مضبوط کر رہے ہیں لوگ ہمارے منشور پڑھ رہے ہیں اور کارکردگی پر ہمیں جوائن کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ علماء مشائخ ونگ کے قیام سے پورے ملک میں پارٹی کو علماء اکرام اور مشائخ اکرام کی تقلید کرتے ہوئے ہمیں جوائن کریں گے۔ اور ہم عوامی سطح پہ نہ صرف مضبوط ہو رہے ہیں بلکہ ہمیں مزید عوامی خدمت کرنے کا ایک حوصلہ بھی مل رہا ہے۔ انہوں نے علماء مشائخ سپریم کونسل سے کہا کہ تمام مکاتب فکر کو ساتھ لے کر چلیں تا کہ ملک جو کہ کلمے کی بنیاد پر بنا تھا اس میں کسی قسم کی فرقہ واریت نہ ہو اور نہ ہی ہم فرقہ واریت کے حامی ہیں ہم اللہ اور اس کے رسول کی تعلیمات پر چلتے ہیں اور چلنے والوں کے پیروکار بھی ہیں اس موقع پر علماء مشائخ سپریم کونسل نے کہا کہ ہم پاکستان عوامی قوت پارٹی کے منشور۔ بیانیے اور کارکردگی کو دیکھ کر اس کے ساتھ چل رہے ہیں اور بہت جلد پورے پورے ملک میں پوری لگ جدوجہد اور اسلامی تعلیمات کے مطابق تمام چیزوں کو لے کے آگے بڑھیں گے۔

بقیہ نمبر 23

اور مذہبی عقیدت و احترام کے ساتھ منعقد کرنے کے لیے ڈپٹی کمشنر جہلم میر رضا اوزگن اور ڈی پی او جہلم شفیق احمد چوہدری کی زیر صدارت ضلعی امن کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں علماء کرام، مذہبی رہنماؤں، امن کمیٹی کے اراکین اور متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں محافل میلاد، نعتیہ محافل، میلاد جلوسوں، مذہبی اجتماعات اور دیگر تقریبات کے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ جلوسوں کے روٹس، سیکورٹی، ٹریفک مینجمنٹ، صفائی ستھرائی، لائٹنگ اور دیگر ضروری امور پر بھی غور کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ماہ ربیع الاول محبت رسول ﷺ اور عقیدت و احترام سے معمور بابرکت مہینہ ہے، اس لیے 12 ربیع الاول کے حوالے سے تمام تقریبات کے لیے جامع اور مربوط انتظامات یقینی بنائے جائیں۔ ڈی پی او جہلم نے سکیورٹی انتظامات کے حوالے سے بریفنگ دی جبکہ متعلقہ افسران کو جلوسوں اور مذہبی اجتماعات کے لیے مؤثر سکیورٹی و ٹریفک انتظامات یقینی بنانے کی ہدایت کی گئی۔ اجلاس میں علماء کرام اور مذہبی رہنماؤں نے تعاون کو سراہتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ عید میلاد النبی ﷺ کی تمام تقریبات کو مذہبی عقیدت، اخوت، رواداری اور امن کے حسین جذبوں کے ساتھ شایان شان طریقے سے منعقد کیا جائے گا

بقیہ نمبر 24

موقع پر سی ڈی اے لیبر یونین کے صدر حاجی حسن اختر عباسی، چیئرمین داؤد خان، سپریم ہیڈ چوہدری قیصر گجر، چیف آرگنائزر چوہدری اشفاق احمد، ایڈیشنل جنرل سیکرٹری راجہ ارشد محمود، سینئر نائب صدر عبدالغفار بھٹی، ڈپٹی میڈیا کوآرڈینیٹر قیصر ممتاز سمیت دیگر عہدیداران بھی موجود تھے۔ وفد کے ارکان نے ڈاکٹر محمد نعیم تاج کی طبی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ سرجری کے شعبے میں ان کی اعلیٰ پیشہ ورانہ صلاحیتیں، انتھک محنت، عزم اور گراں قدر خدمات نہ صرف طبی شعبے کے لیے قابل فخر ہیں بلکہ ان کی کامیابیاں نوجوان طبی ماہرین کے لیے بھی مشعل راہ ہیں۔ ان کی نمایاں پیشہ ورانہ کامیابیوں میں طبی خدمات کے حوالے سے گنیز ورلڈ ریکارڈ کا اعزاز بھی شامل ہے، جو ان کی غیر معمولی صلاحیتوں اور خدمات کا واضح اعتراف ہے۔ قائد و جنرل سیکرٹری امان اللہ خان اور دیگر عہدیداران نے کہا کہ ڈاکٹر محمد نعیم تاج کو ملک کے اہم سول اعزاز تمغہ امتیاز سے نوازا جانا ان کی ذاتی اور پیشہ ورانہ کامیابی کے ساتھ ساتھ سی ڈی اے اور کیپیٹل ہسپتال کے لیے بھی باعث فخر اور اعزاز ہے۔ ان کی خدمات اور کامیابیاں ادارے کے وقار میں اضافے کا باعث بنی ہیں اور انہوں نے اپنی صلاحیتوں اور محنت سے کیپیٹل ہسپتال کا نام قومی سطح پر روشن کیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ڈاکٹر محمد نعیم تاج نے اپنے شعبے میں مہارت، دیانت داری، محنت اور انسانیت کی خدمت کو ہمیشہ مقدم رکھا، جو قابل تحسین اور قابل تقلید ہے۔ ان کی خدمات اس بات کا عملی ثبوت ہیں کہ پیشہ ورانہ عزم اور مسلسل محنت کے ذریعے نہ صرف انسانیت کی خدمت کی جا سکتی ہے بلکہ ملک و ادارے کا نام بھی روشن کیا جا سکتا ہے

بقیہ نمبر 25

آغاز کر دیا جائے گا۔ پاکستان ہاکی فیڈریشن (پی ایچ ایف) اپنے شراکت داروں کے ساتھ مل کر اس لیگ کو قومی کھیل کی تاریخ کا ایک سنگ میل بنانے کے لیے کوشاں ہے۔ اس منصوبے کے تحت گراس روٹ لیول سے نئے اور نوجوان ٹیلنٹ کو آگے لانے، پیشہ ورانہ کوچنگ، بہتر انتظامی ڈھانچے کی فراہمی اور کھلاڑیوں کو بین الاقوامی سطح پر ایکسپوژر دینے کے لیے عملی اقدامات جاری ہیں۔ فیڈریشن حکام کے مطابق قومی کھیل کی بحالی کا سفر شروع ہو چکا ہے اور اسے سابقہ عروج پر واپس لانے کے لیے تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائی جا رہی ہیں۔ پاکستان ہاکی لیگ 2027 کے لیے تیاریاں تیز کر دی گئی ہیں

بقیہ نمبر 26

پہلے سے ایک دفتر بھی قائم تھا جہاں خصوصاً کراچی کے ہومیوپیتھک ڈاکٹرز کے لیے رجسٹریشن اور رینیول کی سہولت دستیاب تھی۔ ڈاکٹرز یہاں آ کر اپنی رجسٹریشن اور رینیول کے معاملات مکمل کرنے کے ساتھ ضروری رہنمائی بھی حاصل کرتے تھے، جو ان کے لیے ایک اہم سہولت تھی۔ انہوں نے کہا کہ ریسرچ لیبارٹری کا قیام ہومیوپیتھی کے شعبے میں تحقیق کو ایک نئی سمت دے سکتا ہے۔ اگر یہاں عملی طور پر تحقیق کا کام شروع کیا جائے تو نہ صرف مقامی سطح پر تحقیق کو فروغ ملے گا بلکہ ہومیوپیتھی کے حوالے سے علمی اور سائنسی بنیادوں پر کام کرنے کے مواقع بھی پیدا ہوں گے۔ سابق صدر نیشنل کونسل فار ہومیوپیتھی نے اپنی مکمل تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ اگر ریسرچ لیبارٹری کے قیام اور اس کے انتظامی و تحقیقی امور میں ان کی خدمات درکار ہوں تو وہ ہر ممکن تعاون کے لیے حاضر ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ ان کے پاس اس وقت تقریباً 15 سے 20 پی ایچ ڈی ڈاکٹرز موجود ہیں جو تحقیقی کام میں اپنی خدمات فراہم کرنے کے لیے تیار ہیں۔ ان کے مطابق اگر ان ماہرین کی صلاحیتوں کو منظم انداز میں استعمال کیا جائے تو ہومیوپیتھی کے شعبے میں قابل ذکر تحقیقی کام کیا جا سکتا ہے۔ ڈاکٹر جاوید شاہ نے کہا کہ ہومیوپیتھی کے حوالے سے تحقیق اور علمی کاوشیں وقت کی اہم ضرورت ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ایسے تحقیقی منصوبے شروع کیے جائیں جن کے ذریعے ہومیوپیتھی کے شعبے میں معیار، تحقیق اور علمی کام کو فروغ دیا جا سکے اور اس شعبے کی صلاحیتوں کو مؤثر انداز میں دنیا کے سامنے پیش کیا جا سکے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ریسرچ لیبارٹری کے قیام کے لیے عملی پیش رفت ہوتی ہے تو وہ ماہرین اور پی ایچ ڈی ڈاکٹرز کی ٹیم کے ساتھ اس منصوبے میں بھرپور تعاون کریں گے۔

بقیہ نمبر 27

شریف انہیں ملاقات کا موقع دیں، نوجوان قیادت کو ضرور آگے لایا جائے، تاہم سینئر خواتین کو نظرانداز نہ کیا جائے، اختلاف رائے ہر شخص کا بنیادی حق ہے اور پارٹی کے اندر خواتین کے تحفظات کو بھی سنجیدگی سے سنا جانا چاہیے، عزت نفس پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا۔ نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں عنبر عبداللہ و دیگر کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے بلقیس صابر راجہ نے کہا کہ خواتین امیدواروں کو انٹرویو کے لیے بلایا جانا چاہیے تھا، تاہم چند خواتین کو بلایا گیا جبکہ باقی امیدواروں کو انٹرویو کا موقع ہی نہیں دیا گیا، جبکہ مرد امیدواروں کو انٹرویو کے لیے بلایا گیا۔ تمام امیدواروں کو سننے کے بعد فیصلہ کیا جانا چاہیے تھا۔ انہوں نے کہا کہ اس صورتحال سے انہیں شدید ذہنی صدمہ پہنچا ہے اور ان کا مطالبہ ہے کہ اس معاملے کی باقاعدہ سماعت ہونی چاہیے۔ 1989ء سے سیاست میں ہوں اور مسلم لیگ (ن) کے شعبہ خواتین کو اس پلیٹ فارم پر لانے کے لیے طویل جدوجہد کی ہے۔ میری پارٹی کے لیے خدمات کسی سے ڈھکی چھپی نہیں ہیں۔ بلقیس صابر راجہ نے کہا کہ میاں نواز شریف انہیں ملاقات کا موقع دیں اور ان کی پارٹی کے لیے خدمات کے بارے میں خود پوچھیں، اس کے بعد وہ جو بھی فیصلہ کریں گی، مجھے قبول ہوگا۔ باعزت اور پارٹی کے ساتھ مخلص خواتین کی عزت نفس کا خیال رکھا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ انہوں نے مسلم لیگ (ن) آزاد کشمیر کے صدر شاہ غلام قادر کو درخواست دی تھی، تاہم اس درخواست پر کیا کارروائی ہوئی، وہ کہاں گئی اور متعلقہ فورم تک کیوں نہیں پہنچائی گئی، اس بارے میں انہیں شکوہ اور گلہ ہے۔ شاہ غلام قادر کی ذمہ داری تھی کہ درخواستوں کو متعلقہ جگہ تک پہنچاتے۔ ان کا کہنا تھا کہ خواتین کے معاملے میں میرٹ کو تباہ کیا گیا اور انصاف کے تقاضے پورے نہیں کیے گئے۔ نوجوان قیادت کو ضرور آگے لایا جائے، تاہم سینئر خواتین کو نظرانداز نہ کیا جائے۔ اگر سینئر مردوں کو پارٹی میں اعلیٰ عہدے دیے جاتے ہیں تو خواتین کو بھی ان کا جائز مقام ملنا چاہیے۔ بلقیس صابر راجہ نے کہا کہ وہ صرف اپنے لیے نہیں بلکہ ان تمام خواتین امیدواروں کی بات کر رہی ہیں جنہیں انٹرویو کے لیے نہیں بلایا گیا۔ وہ خواتین رنجیدہ اور دکھی ہیں، انہیں بلایا جانا، سنا جانا اور ان کا موقف جاننا چاہیے تھا۔ عہدے بعد کی بات ہیں، کم از کم انسانیت کے ناطے عزت اور احترام کے ساتھ ان کی بات سنی جانی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ اگر فیصلے بند کمروں میں بیٹھ کر ہی کرنے ہیں تو پھر خواتین اپنے گھر بار چھوڑ کر سیاست میں حصہ کیوں لیں؟ حقداروں کو ان کا حق ضرور ملنا چاہیے۔ اختلاف رائے ہر شخص کا بنیادی حق ہے اور پارٹی کے اندر خواتین کے تحفظات کو بھی سنجیدگی سے سنا جانا چاہیے۔ مسلم لیگ (ن) آزاد کشمیر کی رہنما نے کہا کہ انہوں نے نوجوانی میں سیاست میں قدم رکھا تو خاندان کی جانب سے مخالفت بھی ہوئی، تاہم انہوں نے مشکلات کی پروا نہ کرتے ہوئے سیاست میں اپنا مقام بنایا۔ انہوں نے کہا کہ 1989ء سے پارٹی کے لیے خدمات انجام دے رہی ہوں اور مشکل ادوار میں بھی پارٹی قیادت اور کارکنوں کے ساتھ کھڑی رہی ہوں۔ انہوں نے واضح کیا کہ آزاد کشمیر کے حالیہ انتخابات شفاف ہوئے ہیں اور وہ انتخابی عمل سے مطمئن ہیں، تاہم خواتین کی مخصوص نشستوں کے لیے امیدواروں کے انتخاب کے طریقہ کار پر تحفظات ہیں۔ اس معاملے کی تحقیقات ہونی چاہیے کہ پارٹی کے لیے گرانقدر خدمات انجام دینے والی سینئر خواتین کو کیوں نظرانداز کیا گیا۔ بلقیس صابر راجہ نے کہا کہ ان کی وفاداری ان کے لیے سزا نہیں بنی چاہیے۔ پارٹی قیادت ان کے تحفظات پر توجہ دے اور میاں نواز شریف انہیں ملاقات کا موقع دیں تا کہ وہ آزاد کشمیر میں پارٹی کی خواتین امیدواروں اور مجموعی صورتحال کے بارے میں انہیں اصل حقائق سے آگاہ کر سکیں۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی چھوڑنے یا استعفیٰ دینے کا فیصلہ فی الحال نہیں کیا، نواز شریف سے ملاقات کے بعد ہی آئندہ کا لائحہ عمل طے کیا جائے گا۔ عزت نفس پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا اور کسی کو بھی خواتین کی عزت نفس مجروح کرنے کا حق نہیں ہونا چاہیے

بقیہ نمبر 28

سے 744 گرام آئس 550 گرام چرس ایک رائفل تین کلاشنکوف اور مختلف بور کے 16 پستول معہ ایمونیشن برآمد ہوئے۔ پولیس نے گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی ہے جبکہ اشتہاری مجرمان سابقہ ریکارڈ یافتہ اور عدالتی مفروران کے خلاف جاری خصوصی مہم کے دوران مزید 16 ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے کہا کہ شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کیلئے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔ ''No to Weapon'' مہم کے تحت غیر قانونی اسلحے اسلحے کی نمائش اور ہوائی فائرنگ کے خلاف بھی بھرپور ایکشن لیا جا رہا ہے۔

بقیہ نمبر 29

الحق بخاری کی صدارت میں دارالعلوم محمدیہ غوثیہ شعبہ حفظ کے دفتر میں منعقد ہوا اجلاس میں تنظیم کی باڈی از نو تشکیل دی گئی جس میں صدر منیر احمد نائب صدر راجہ محمد قذافی نائب صدر صوفی محمد اشرف معصوی جنرل سیکرٹری علامہ جواد ربانی رابطہ سیکرٹری محمد نوید احمد ضیائی اور شعبہ نشر و اشاعت پروفیسر اسلم کھوکھر نامزد کیا گیا ہے اس کے علاوہ تنظیم کے لیے ممبران کا بھی چناؤ کیا گیا تنظیم سازی کے بعد 12 ربیع الاول کو عید میلاد النبی کے سلسلے میں فیصلہ کیا گیا کہ 12 ربیع الاول کو عید میلاد کا مرکزی جلوس جامع مسجد غوثیہ سے روانہ ہوگا اور لوئر بازار جی پی او چوک اور مال روڈ سے ہوتا ہوا واپس جامع مسجد غوثیہ اختتام پذیر ہوگا جہاں ایک بڑی تقریب میں تقسیم انعامات اور لنگر عام کا اہتمام کیا گیا ہے

بقیہ نمبر 30

کے نتیجے میں بننے والی کوئی بھی حکومت عوام کے بنیادی مسائل حل کرنے کی پوزیشن میں نہیں ہوگی۔ موجودہ سیاسی صورتحال نے آزاد کشمیر میں عوامی اعتماد کو شدید متاثر کیا ہے، جس کے باعث نئی حکومت کو بھی سنگین چیلنجز کا سامنا رہے گا۔ اپنے ایک بیان میں راجہ آزاد خان نے کہا کہ آزاد کشمیر میں عوامی احتجاجی تحریک محض سیاسی نعروں کا معاملہ نہیں بلکہ اس کے پس منظر میں عوام کے حقیقی مسائل اور دیرینہ مطالبات موجود ہیں۔ ان مسائل کو طاقت، دباؤ یا محض مذاکرات کے ذریعے حل نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ صورتحال کا تقاضا ہے کہ تمام سیاسی قوتیں اور ریاستی ادارے زمینی حقائق کو تسلیم کرتے ہوئے عوام کے ساتھ بامعنی، سنجیدہ اور نتیجہ خیز بات چیت کا آغاز کریں۔ عوامی مطالبات کو نظرانداز کرنے سے صورتحال مزید پیچیدہ ہو سکتی ہے۔ راجہ آزاد خان نے کہا کہ آزاد کشمیر میں سیاسی استحکام، عوامی اعتماد کی بحالی اور شفاف طرز حکمرانی کے لیے ضروری ہے کہ تمام فریقین مل بیٹھ کر ایسا قابل قبول حل تلاش کریں جس میں عوام کی آواز کو مرکزی حیثیت حاصل ہو۔ انہوں نے مزید کہا کہ اگر انتخابات کے حوالے سے پیدا ہونے والے تحفظات دور نہ کیے گئے اور عوامی تحریک کے بنیادی اسباب کا ازالہ نہ کیا گیا تو محض حکومت کی تبدیلی سے مسائل حل نہیں ہوں گے۔ وقت کا تقاضا ہے کہ آزاد کشمیر کے عوام کو اعتماد میں لے کر سیاسی بحران کا مستقل اور جمہوری حل تلاش کیا جائے

بقیہ نمبر 31

کو نقصان۔ مسجد سے ورثا کو قبرستان پہنچنے کا اعلان۔ تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز شدید طوفانی بارشوں سے علاقہ جل تھل ہو گیا اور ہر طرف پانی ہی پانی نظر آنے لگا۔ اڈیالہ روڈ خیابان جناح میں موسلا دھار بارش سے مقامی قبرستان کی دیوار گرنے اور قبروں کو نقصان پہنچنے کے باعث، مقامی مسجد سے ورثاء کو قبرستان پہنچنے کا اعلان کیا گیا اور کوئی جانی نقصان نہیں ہوا

بقیہ نمبر 32

جاری کر دیا۔ ترجمان آئیسکو کے مطابق بوجہ ضروری سالانہ سسٹم مینٹیننس/ڈویلپمنٹ ورکس/اے ایم آئی میٹرز تنصیب کے باعث آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکل کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پروردرج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ 21 اگست 2026ء کو اسلام آباد سرکل میں صبح 6 بجے سے 10 بجے تک ریہاڑا، کری، سی ایم پاک زوننگ، صبح 7 بجے سے 11 بجے تک سکیم 2، شہزاد ٹاؤن، اسلام آباد کلب I، کری، سی ایم پاک زوننگ جبکہ صبح 8 بجے سے دوپہر 12 بجے تک ٹمبل فیڈرز، اٹک سرکل میں صبح 5 بجے سے دوپہر 12 بجے تک حسین آباد، لالہ زار فیڈرز، جبکہ جی ایس او سرکل میں صبح 9 بجے سے شام 4 بجے تک 132 کے وی اے ڈبلیو سی، ایچ ایم سی ٹیکسلا اور 132 کے وی سنگجانی۔ برہان جبکہ صبح 8 بجے سے شام 6 بجے تک 132 کے وی کھوٹہ سٹی۔ پلندری، 132 کے وی نیوداہ۔ باجتر موڑ اور ملحقہ علاقوں میں بھی بجلی بند رہے گی۔ کام مقررہ وقت سے پہلے مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی فراہمی شیڈول وقت سے پہلے بھی بحال کی جا سکتی ہے۔

بقیہ نمبر 33

کی جانب سے مفت پانی کی فراہمی کی سہولت جاری ہے۔ واسا کی خصوصی ٹیمیں خدمت خلق میں مصروف عمل ہیں۔ اس تمام فلاحی اور ہنگامی آپریشن کی نگرانی ڈپٹی کمشنر مری، آغا ظہیر عباس شیرازی خود کر رہے ہیں تا کہ پانی کی فراہمی کے عمل میں شفافیت کو یقینی بنایا جا سکے اور شہریوں کو بروقت ریلیف مل سکے۔

بقیہ نمبر 34

پر ایک پروقار تقریب کا اہتمام کیا گیا جس میں شہریوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر میٹ شاپ کے مالک رانا ارسلان شہباز نے پروگرام میں شرکت کرنے والوں کا خصوصی شکریہ ادا کیا

بقیہ نمبر 35

شہری کوٹل جبکہ دورا ہگیروں سمیت تین افراد کو زخمی کر دیا تھا۔ ملزم مئی 2025 سے پولیس کو مطلوب تھا جسے ٹیکنیکل اور ہیومن انٹیلی جنس ذرائع سے گرفتار کیا گیا۔ اشتہاری کے تین ساتھی پہلے ہی گرفتار کیے جا چکے ہیں۔ ایس پی راول بیدار بخت گوندل نے کہا کہ ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا

بقیہ نمبر 36

ہے جس کے تحت سرکاری افسران کے ذاتی سوشل میڈیا اکاؤنٹس بھی نئے رولز کے دائرے میں آ گئے ہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ حکومت مخالف سرگرمیوں یا بیانیہ کی تشہیر میں ملوث سرکاری ملازمین کے خلاف کارروائی ہوگی جبکہ گمنام یا فرضی اکاؤنٹ سے حکومت یا اداروں کو بدنام کرنے والوں کو بھی نہیں چھوڑا جائے گا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ کوئی افسر ذاتی سوشل میڈیا پر سرکاری کام کو تشہیر کیلئے بھی استعمال نہیں کر سکتا، سرکاری اکاؤنٹس کو بھی ذاتی تشہیر، برانڈنگ اور نمائش کیلئے استعمال کرنے پر پابندی لگا دی گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق کسی بھی افسر سے سرکاری یا نجی سوشل میڈیا اکاؤنٹس کی تفصیلات مانگی جا سکتی ہیں جبکہ سرکاری سوشل میڈیا اکاؤنٹ بھی پیشگی تحریری اجازت سے بنانے اور چلانے کی اجازت ہوگی۔ ذرائع کے مطابق سرکاری اکاؤنٹس پر صرف تصدیق شدہ سرکاری معلومات اور سرگرمیاں ہی نشر ہوں گی، عہدہ چھوڑنے والا افسر تمام سرکاری سوشل میڈیا اکاؤنٹس کا کنٹرول چھوڑنے کا پابند ہوگا ور لاگ ان، آرکائیو ڈیٹا اور انتظامی رسائی نئے آنے والے کے سپرد کرے گا، حکومتی پالیسی یا موقف کیخلاف رائے یا معلومات نشر کرنے پر مکمل پابندی عائد ہوگی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ قواعد کے دائرے میں ٹی وی، ریڈیو، پوڈ کاسٹ، بلاگ، ویڈیوز، ویب سائٹ اور سوشل میڈیا شامل ہیں، رولز کی خلاف ورزی پر سرکاری افسران کیخلاف محکمانہ کارروائی ہوگی۔

بقیہ نمبر 37

پیدل مارچ بھی کر سکتے ہیں۔ نائب امیر میاں محمد اسلم ڈپٹی سیکرٹری سید فراست شاہ، امیر اسلام آباد نصراللہ رندھاوا اور سیکرٹری اطلاعات شکیل احمد ترابی بھی اس موقع پر موجود تھے۔ ایک سوال کے جواب میں ان کا کہنا تھا کہ مقامی حکومتوں کا مؤثر نظام ہوتا تو نئے انتظامی یونٹس کی ضرورت ہی پیش نہ آتی، بلدیاتی فنڈز صوبائی حکومتیں کھا جاتی ہیں، جماعت اسلامی سمجھتی ہے کہ نئے صوبے بن بھی سکتے ہیں تاہم اس کے لیے قومی اتفاق رائے اور آئین میں دیے گئے اصولوں پر عملدرآمد ضروری ہے۔ حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ ملک میں عوام کو مہنگائی سمیت ہر شعبے میں مشکلات کا سامنا ہے۔ فارم سنتالیس کے حکمران شہریوں کو مطلوبہ سہولیات فراہم کرنے میں ناکام ہو گئے۔ انہوں نے پٹرولیم لیوی عوام پر عائد بھتہ ٹیکس ہے، لیٹر پر تقریباً 80 روپے لیوی ٹیکس وصول کیا جا رہا ہے جس کا کوئی جواز نہیں۔ پٹرولیم لیوی کا بنیادی مقصد ملک کی ریفائنریوں کو اپ گریڈ کرنا تھا، لیکن حکومت نے اب تک لیوی کی مد میں عوام سے 8 ہزار ارب روپے سے زائد جمع کیے جبکہ ریفائنریوں کی اپ گریڈیشن پر 100 ارب روپے بھی خرچ نہیں کیے گئے۔ حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ لاہور، کراچی اور پشاور میں جماعت اسلامی کے دھرنے جاری ہیں اور ہر گزرتے دن کے ساتھ اس میں عوام کی شرکت بڑھ رہی ہے۔ تاجروں، علماء، نوجوانوں اور سول سوسائٹی کے نمائندوں سمیت مختلف طبقات دھرنوں میں شریک ہیں۔ یہ احتجاج اب عوام کے مسائل کے حل کا ذریعہ بن چکا ہے اور جماعت اسلامی ان دھرنوں کی حمایت میں ملک بھر میں احتجاجی کیمپ بھی قائم کرے گی۔

بقیہ نمبر 38

میں اے جی پی آڈٹ کمپلیکس کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ مقبول احمد گوندل نے کہا کہ اے جی پی آڈٹ کمپلیکس کا افتتاح کام کی جگہ پر بہتر سہولیات کی فراہمی اور اسلام آباد میں آڈٹ ادارے کی آپریشنل صلاحیت کو مضبوط بنانے کی جانب ایک اہم اقدام ہے۔ آڈیٹر جنرل نے ادارہ جاتی صلاحیت و استعداد کار کو مضبوط بنانے اور آڈٹ افسران اور عملے کے لیے سازگار، جدید اور اچھی طرح سے آراستہ کام کا ماحول فراہم کرنے کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ انہوں نے آڈٹ ورک فورس کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو بڑھانے کے لیے ڈیجیٹل اور جدید آلات، کام کرنے کے لیے سازگار سہولیات اور استعداد کار بڑھانے کے تربیتی پروگراموں کی فراہمی کے لیے ہر ممکن کوشش کرنے کے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے اپنے خطاب میں اس بات پر زور دیا کہ موثر آڈٹ، شفافیت، احتساب اور مالیاتی نظم و ضبط قومی معیشت کو مضبوط بنانے، عوامی وسائل کے تحفظ اور سرکاری خزانے کے تحفظ کے لیے کلیدی حیثیت رکھتے ہیں۔ آڈیٹر جنرل آف پاکستان نے سیکٹر 5 اور ڈے کیئر سنٹر سمیت نئے قائم ہونے والے کمپلیکس کی سہولیات کا بھی دورہ کیا اور افسران اور عملے کے لیے جدید سہولیات کی فراہمی کو سراہا۔ قبل ازیں تقریب کا آغاز پرچم کشائی سے ہوا، جس کے بعد تلاوت قرآن پاک اور قومی ترانہ پیش کیا گیا۔ بعد ازاں آڈیٹر جنرل نے ربن کاٹ کر اور یادگاری تختی کی نقاب کشائی کے ذریعے آڈٹ کمپلیکس کا باقاعدہ افتتاح کیا۔

بقیہ نمبر 39

قانونی دستاویزات مکمل نہیں تھیں، جس کے باعث اپیل کو موجودہ حالت میں دائر نہیں کیا جا سکتا۔ رجسٹرار آفس نے قواعد و ضوابط کے تحت ابتدائی جائزہ لینے کے بعد یہ فائل اعتراض لگا کر واپس بھیج دی ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ چیف کمشنر اسلام آباد اور ان کی قانونی ٹیم رجسٹرار آفس کی جانب سے اٹھائے گئے ان اعتراضات کو دور کرنے پر کام کر رہی ہے۔ پیپر بکس کی تکنیکی خامیوں کو درست کرنے اور تمام مطلوبہ دستاویزات کو مکمل کرنے کے بعد اس نظرثانی درخواست کو دوبارہ سپریم کورٹ میں دائر کیا جائے گا تا کہ عدالت عظمیٰ سے سابقہ فیصلے پر از سر نو غور کرنے کی استدعا کی جا سکے۔ واضح رہے کہ سپریم کورٹ نے 2 روز قبل عمران خان کو شفا ہسپتال منتقل کرنے کا حکم دیا تھا مگر تا حال انہیں ہسپتال منتقل نہیں کیا گیا۔ بعد ازاں چیف کمشنر اسلام آباد نے ایڈووکیٹ جنرل اسلام آباد کے توسط سے عمران خان کی ہسپتال منتقلی کے فیصلے پر نظرثانی درخواست دائر کی تھی۔

بقیہ نمبر 40

اس موقع پر چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ کا کہنا تھا کہ آئین کے آرٹیکل 140A کے تحت بلدیاتی انتخابات کا انعقاد آئینی تقاضا ہے، الیکشنز ایکٹ کے تحت مقامی حکومتوں کی مدت ختم ہونے کے 120 دن کے اندر انتخابات کروانا الیکشن کمیشن کی ذمہ داری ہے۔ وزیر لوکل گورنمنٹ پنجاب ذیشان رفیق نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب صوبے میں بلدیاتی انتخابات کروانے کے لیے پرعزم ہیں، انتخابات کے انعقاد اور مناسب وسائل کی فراہمی کے لیے وقت درکار ہے۔ ذیشان رفیق نے مزید بتایا کہ امتحانات اور دھند کی صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے 15 دسمبر سے 15 جنوری کی تواریخ تجویز کی گئیں۔ چیف سیکرٹری پنجاب نے کہا کہ صوبائی حکومت مرحلہ وار بلدیاتی انتخابات کروانا چاہتی ہے، الیکشن کمیشن نے مرحلہ وار انتخابات سے متعلق پنجاب حکومت سے جلد پلان طلب کر لیا۔

بقیہ نمبر 41

پی ٹی آئی عمران خان کو نجی ہسپتال منتقل کرنے کے فیصلے کی مخالفت کر دی۔ ایک انٹرویو میں خواجہ آصف نے کہا کہ کل کو سب قیدی یہی کہیں گے ان کا علاج بھی پرائیویٹ ہسپتالوں میں کروایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ نواز شریف سمیت ہم سب کو سرکاری ہسپتال میں بھیجا گیا، ایک بار تو ڈاکٹروں نے ان کے آپریشن کے دوران پی ٹی آئی کے حامی ڈاکٹر نے موبائل سے ویڈیو بناتے پکڑا تھا۔ وزیر دفاع کا کہنا تھا کہ اگر سپریم کورٹ کے فیصلے میں حکومت کا موقف رجسٹرڈ کروانے کی کوئی گنجائش ہے تو حکومت ضرور ایسا کرے گی۔ خواجہ آصف نے مزید کہا کہ پی ٹی آئی والے اپنے دور حکومت میں ہمارے ساتھ کیسی حرکتیں کرتے تھے، کس طرح کی زبان استعمال کرتے تھے؟

بقیہ نمبر 42

اسکواڈ نے فوری طور پر موقع پر پہنچ کر سرچ آپریشن کر کے بھارتی ساختہ اینٹی ٹینک مائن برآمد کر لی۔ بم ڈسپوزل اسکواڈ کو اطلاع ملتے ہی فوری کارروائی کرتے ہوئے نالہ ڈیک، نزد موضع تیزھا کے علاقہ میں سرچ آپریشن کیا، دوران سرچ آپریشن ایک بھارتی ساختہ 6 کلو وزنی مائن برآمد ہوئی بم ڈسپوزل اسکواڈ نے پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ کرتے ہوئے مذکورہ اینٹی ٹینک مائن کو محفوظ طریقے سے ریکور کر کے اپنی تحویل میں لے لیا تا کہ کسی بھی ممکنہ جانی و مالی نقصان سے بچا جا سکے۔

بقیہ نمبر 43

نے کہا ہے کہ کشمیر کی حقیقت کسی سفارتی بیان سے نہیں بدل سکتی۔ بھارت میں امریکی سفیر کے متنازع بیان پر ردعمل دیتے ہوئے مشعال ملک کا کہنا تھا کہ مقبوضہ جموں و کشمیر بھارت کا حصہ ہے نہ کبھی ہوگا، کشمیر کی متنازع حیثیت یکطرفہ دعوؤں سے تبدیل نہیں کی جا سکتی۔ انہوں نے کہا کہ امریکی سفیر نے کشمیری عوام کے حق خود ارادیت کو نظرانداز کرنے کی کوشش کی، سیاسی بیانات تاریخ اور بین الاقوامی قانون تبدیل نہیں کر سکتے، کشمیر کے مستقبل کا فیصلہ طاقت نہیں، کشمیری عوام کی خواہشات کریں گی۔ مشعال ملک کا کہنا تھا کہ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادیں آج بھی مسئلہ کشمیر کے حل کی قانونی بنیاد ہیں، کشمیر کی حقیقت کسی سفارتی بیان سے نہیں بدل سکتی

بقیہ نمبر 44

کی جانب سے رکن ممالک کو لاحق خطرات کا مقابلہ کرنے کیلئے تیار ہے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹ کے مطابق نیٹو اتحاد کے ایک عہدیدار نے کہا کہ رواں سال کے آغاز میں اتحاد کے فضائی دفاعی نظام نے اس وقت اپنی اہلیت ثابت کر دی تھی جب ایران کی جانب سے ترکیہ آنے والے میزائلوں کو راستے میں ہی تباہ کر دیا گیا۔ نیٹو کے عہدیدار کا کہنا تھا کہ اس وقت الگ الگ مواقع پر میزائلوں کو کامیابی کے ساتھ روکا گیا تھا، جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ ہماری دفاعی پوزیشن اور صلاحیت مضبوط اور مؤثر ہے۔ نیٹو عہدیدار کے مطابق نیٹو کسی بھی خطرے سے نمٹنے کے لیے تیار ہے اور نیٹو کے تمام رکن ممالک کے دفاع کے لیے بھی، جو ضروری ہوگا وہ کیا جائے گا۔ یہ بیان ایران کے اس بیان کے بعد سامنے آیا ہے جس میں کہا گیا تھا کہ اگر واشنگٹن نے ایران کے خلاف کارروائی کا سلسلہ مزید طویل کیا تو یورپ میں موجود امریکی اڈوں کو نشانہ بنانے پر غور کیا جا رہا ہے۔ رپورٹ میں اس کے جواب میں ایران کی جانب سے یورپ میں موجود امریکی اڈوں کو نشانہ بنائے جانے کا بھی ذکر تھا، یورپ بھر میں امریکہ کے فوجی اڈے موجود ہیں، جہاں اس کے فوجی بھی تعینات ہیں اور ایسے مقامات میں نیٹو کے کئی رکن ملک بھی شامل ہیں۔ امریکا کے ساتھ جنگ شروع ہونے کے بعد سے ایران کئی خلیجی ممالک پر میزائل اور ڈرون حملے کر چکا ہے جبکہ اب ایسی رپورٹس بھی سامنے آئی کہ اس کی جانب سے یورپی ممالک میں قائم امریکی فوجی اڈوں کو بھی ممکنہ طور پر نشانہ بنانے کی کوشش ہو سکتی ہے۔

بقیہ نمبر 45

بحفاظت وطن واپس پہنچ گئے، جبکہ 2 میتیں بھی منتقل کر دی گئی ہیں۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے تصدیق کی ہے کہ زخمی ملاح اور میتیں آ گئی ہیں، تمام متعلقہ اداروں کو محفوظ، بلاتاخیر اور فوری وطن واپسی یقینی بنانے کی ہدایت کی گئی تھی۔ انہوں نے کہا کہ جدہ قونصل خانے اور ریاض سفارت خانے کی بروقت کاوشیں قابل تحسین ہے

بقیہ نمبر 46

معطل کر دی گئی، کوئٹہ سے پشاور جانے والی جعفر ایکسپریس جمعرات کو روانہ نہیں ہو سکی۔ ریلوے انتظامیہ کے مطابق بلوچستان میں ریلوے ٹریک کی مرمت کے باعث ٹرین سروس ایک روز کیلئے معطل کی گئی ہے۔ انتظامیہ کا کہنا ہے کہ پشاور سے کوئٹہ آنے والی جعفر ایکسپریس کو بھی جیکب آباد میں روک دیا جائے گا، ٹریک کی ضروری مرمت مکمل ہونے کے بعد ٹرین سروس معمول کے مطابق بحال کر دی جائے گی۔

بقیہ نمبر 47

کا اعلان کر رہا ہوں۔ اپنے بیان میں صدر ٹرمپ نے کہا کہ ہم چاہتے ہیں کہ اتحادی ہمارے ساتھ کھڑے ہوں اور ایران کو تنہا اور شکست سے دوچار کریں۔ صدر ٹرمپ نے کہا کہ کوئی بھی ملک جو اپنے مالیاتی اداروں، بزنسز، ہوائی اڈوں اور حکومتی اداروں کو اجازت دے گا کہ وہ ایران کیلئے لائف لائن کا کردار ادا کریں

بقیہ نمبر 48

حوثی ملیشیا ساحلی علاقوں میں اپنی موجودگی بڑھا رہی ہے اور بحیرہ احمر میں اہم یمنی جزائر پر کنٹرول حاصل کرنے کی کوشش کر رہی ہے تا کہ باب المندب بند کرنے کیلئے حالات سازگار بنائے جا سکیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ حوثیوں کی جانب سے فوجی تیاریوں میں اضافہ کیا گیا ہے جبکہ بندرگاہوں، شہری تنصیبات، بحری جہازوں اور حکومتی بحری صلاحیتوں کو بار بار نشانہ بنانا ان کے منصوبوں کی نشاندہی کرتا ہے۔ دوسری جانب یمن کے حوثی باغیوں نے کہا ہے کہ 20 جولائی سے اب تک 48 سعودی تیل بردار بحری جہازوں کو سمندری راستے سے گزرنے سے روک دیا گیا جبکہ 8 سعودی تیل بردار جہازوں کو نشانہ بنایا گیا۔ ایرانی میڈیا کے مطابق حوثیوں کے ترجمان یحییٰ سریع نے بتایا ہے کہ حوثی فورسز نے بحیرہ احمر میں 5 جبکہ خلیج عدن اور بحیرہ عرب میں 3 سعودی تیل بردار جہازوں کو نشانہ بنایا۔ حوثیوں نے سعودی عرب کے ینبع، نجران، جازان اور ابہا سمیت مشرقی صوبے میں تیل کی تنصیبات کے خلاف 9 فوجی کارروائیاں کیں۔

بقیہ نمبر 49

میں زاہد ملک نے کہا کہ پیپلز پارٹی عوام کے سامنے ایم کیو ایم کے قائدین کا سامنا کرے اور جواب دے کہ وہ پنجاب میں نئے صوبوں کی حمایت جبکہ سندھ میں اس کی مخالفت کیوں کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹی وی چینلز نئے صوبوں کے قیام کے معاملے پر گریٹ ڈیبیٹ کروائیں، ایم کیو ایم عوام کے سامنے پیپلز پارٹی کو جواب دینے کے لئے تیار ہے۔ ایم کیو ایم رہنما کا کہنا تھا کہ نئے صوبوں کے مخالف دراصل نہیں چاہتے کہ عوام کا پیسہ عوام پر خرچ ہو، بلکہ وہ عوام کے اربوں روپے لانچوں کے ذریعے منتقل کرنے کا دھندا جاری رکھنا چاہتے ہیں۔ زاہد ملک نے الزام عائد کیا کہ پیپلز پارٹی سندھ اور کراچی میں عوام کو بنیادی سہولیات فراہم کرنے میں ناکام ہو چکی ہے۔ پیپلز پارٹی اپنی پارلیمانی قوت کو عوام کی بہتری کے ایجنڈے کو ناکام بنانے کے لیے استعمال کر رہی ہے۔

بقیہ نمبر 50

میں 10 فیصد کمی کا اعلان کر دیا۔ صدر پاکستان منی مزدا و گڈز ٹرانسپورٹ ایسوسی ایشن حاجی شیر علی کا کہنا ہے کہ حکومت نے ٹرانسپورٹرز کے حق میں بہتر فیصلہ کیا ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کے بعد مزدا اور گڈز ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں 10 فیصد کمی کا اعلان کرتے ہیں۔ پبلک ٹرانسپورٹرز نے بھی کرایوں میں 10 فیصد کمی کر دی ہے، جس سے عوام کو سفری اخراجات میں ریلیف ملے گا۔

بقیہ نمبر 51

کے مطابق سینیٹ کا اجلاس پریذائڈنگ افسر منظور کاکڑ کی زیر صدارت شروع ہوا جس میں وزارت خزانہ نے ملکی قرضوں کی تفصیلات پیش کر دیں۔ وزارت خزانہ کے مطابق دسمبر 2025ء تک پاکستان کا کل قرضہ 81 ہزار 374 ارب روپے ہے، حکومت کا اندرون ملک سے حاصل کردہ قرضہ 55 ہزار 363 ارب روپے ہے، حکومت کا غیر ملکی قرضہ 23 ہزار 166 ارب روپے ہے۔ وزارت خزانہ نے بتایا کہ آئی ایم ایف سے 2 ہزار 845 ارب روپے قرضہ لیا گیا، سال 2021ء سے مالی سال 2026ء تک حکومت قرضوں پر مجموعی طور 32 ہزار 239 ارب روپے کا سود ادا کیا، سال 2021ء سے 2026ء تک ایک لاکھ 2 ہزار 780 ارب روپے کا قرضہ واپس کیا۔

بقیہ نمبر 52

پر انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی حکومت کا حصہ ہے جبکہ ہم اپوزیشن کی بات کر رہے ہیں، ان کا کہنا تھا کہ کل جماعتی کانفرنس پر بات ہونی چاہیے۔ صحافی نے سوال کیا کہ کیا سڑکوں پر بھی ساتھ دیں گے یا پارلیمنٹ میں، جس پر انہوں نے جواب دیا کہ ہم سورہ فاتحہ پڑھتے ہیں اور آپ سورۃ الناس پر پہنچ جاتے ہیں۔

بقیہ نمبر 53

حکومت کے میکنیزم کے تحت پیٹرولیم مصنوعات میں تبدیلی کی ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ہائی اسپیڈ ڈیزل کی فی لیٹر قیمت میں ایک روپے 64 پیسے کا اضافہ کر دیا گیا ہے، جس کے نتیجے میں فی لیٹر قیمت 363 روپے 6 پیسے سے بڑھ کر 364 روپے 70 پیسے ہو گئی ہے۔ پیٹرول کی فی لیٹر قیمت میں 27 پیسے کا اضافہ کر دیا گیا ہے، اس اضافے کے بعد پیٹرول کی فی لیٹر قیمت 337 روپے 78 پیسے کی سطح پر آ گئی ہے جبکہ گزشتہ روز 337 روپے 51 پیسے مقرر کی گئی تھی۔ پیٹرولیم مصنوعات کی نئی قیمتوں کا اطلاق 21 اگست 2026 کے لیے ہوگا۔

بقیہ نمبر 54

عمران خان صاحب کی ایک جھلک سے زیادہ ضروری ان کی صحت ہے۔ آیئے اپنے قائد سے محبت کا ثبوت یہ دیں کہ ان کے علاج میں کوئی رکاوٹ نہ بنیں۔

بقیہ نمبر 55

دیے گئے۔ عمران خان کی شفا انٹرنیشنل اسپتال منتقلی سے قبل آئی جی اسلام آباد نے پولیس افسران کے ہمراہ اسپتال کا دورہ کیا اور سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا۔ شفا انٹرنیشنل اسپتال کے باہر سیکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے ہیں اور پولیس کی بھاری نفری تعینات ہے۔ اسلام آباد پولیس نے شفا اسپتال آنے اور جانے والے راستے ٹریفک کے لیے بند کیے ہوئے ہیں۔ شفا انٹرنیشنل اسپتال کے ذرائع کا کہنا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کے علاج کے لیے خصوصی اقدامات کر لیے گئے، بانی پی ٹی آئی کا چیک اپ کیا جائے گا، 6 ماہر ڈاکٹروں کی ٹیم بانی پی ٹی آئی کا چیک اپ کرے گی، چیک اپ کے بعد بانی پی ٹی آئی کو اسپتال میں داخل کرنے سے متعلق فیصلہ ہوگا۔ بانی پی ٹی آئی کو ایڈمٹ کرنے کی صورت میں بھی خصوصی اقدامات مکمل کر لیے گئے۔ وفاقی وزیر طارق فضل چوہدری نے بانی پی ٹی آئی کو بیرون ملک بھیجنے کا امکان بھی ظاہر کر دیا۔ واضح رہے کہ سپریم کورٹ نے بانی پی ٹی آئی کو دو روز میں شفا انٹرنیشنل اسپتال منتقل کرنے کا حکم دیا تھا۔ گزشتہ روز سپریم کورٹ کے رجسٹرار آفس نے بانی پی ٹی آئی کی اسپتال منتقلی کے خلاف دائر نظرثانی درخواست بعض اعتراض لگا کر واپس کر دی تھی۔

بقیہ نمبر 56

نگرانی شروع کر دی ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ حکومت کی جانب سے نئے سول سرونٹس کنڈکٹ رولز 2026 پر سختی سے عملدرآمد کرنے کا فیصلہ کیا گیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

ہے جس کے تحت سرکاری افسران کے ذاتی سوشل میڈیا اکاؤنٹس بھی نئے رولز کے دائرے میں آ گئے ہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ حکومت مخالف سرگرمیوں یا بیانیہ کی تشہیر میں ملوث سرکاری ملازمین کے خلاف کارروائی ہوگی جبکہ گمنام یا فرضی اکاؤنٹ سے حکومت یا اداروں کو بدنام کرنے والوں کو بھی نہیں چھوڑا جائے گا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ کوئی افسر ذاتی سوشل میڈیا پر سرکاری کام کو تشہیر کیلئے بھی استعمال نہیں کر سکتا، سرکاری اکاؤنٹس کو بھی ذاتی تشہیر، برانڈنگ اور نمائش کیلئے استعمال کرنے پر پابندی لگا دی گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق کسی بھی افسر سے سرکاری یا نجی سوشل میڈیا اکاؤنٹس کی تفصیلات مانگی جا سکتی ہیں جبکہ سرکاری سوشل میڈیا اکاؤنٹ بھی پیشگی تحریری اجازت سے بنانے اور چلانے کی اجازت ہوگی۔ ذرائع کے مطابق سرکاری اکاؤنٹس پر صرف تصدیق شدہ سرکاری معلومات اور سرگرمیاں ہی نشر ہوں گی، عہدہ چھوڑنے والا افسر تمام سرکاری سوشل میڈیا اکاؤنٹس کا کنٹرول چھوڑنے کا پابند ہوگا ور لاگ ان، آرکائیو ڈیٹا اور انتظامی رسائی نئے آنے والے کے سپرد کرے گا، حکومتی پالیسی یا موقف کیخلاف رائے یا معلومات نشر کرنے پر مکمل پابندی عائد ہوگی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ قواعد کے دائرے میں ٹی وی، ریڈیو، پوڈ کاسٹ، بلاگ، ویڈیوز، ویب سائٹ اور سوشل میڈیا شامل ہیں، رولز کی خلاف ورزی پر سرکاری افسران کیخلاف محکمانہ کارروائی ہوگی۔

بقیہ نمبر 57

زیر اعظم شہباز شریف ایوان میں پہنچے اور اپوزیشن نشستوں پر جا کر اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی سے مصافحہ کیا۔ وزیر اعظم شہباز شریف بیرسٹر گوہر، اسد قیصر اور عامر ڈوگر سے بھی ملے۔ قومی اسمبلی میں ضمنی ایجنڈا پیش کیا گیا، ڈیفنس فورسز ایکٹ 2026ء اور نیشنل کمانڈ اتھارٹی ایکٹ ترمیمی بل 2026ء ایوان میں پیش کیے گئے۔ اپوزیشن نے ضمنی ایجنڈے کی مخالفت کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں بل کی کاپیاں نہیں دی گئیں۔ عالیہ کامران نے کہا ٹیکنالوجی سے استفادہ حاصل کرنا سیکھیں، وزیر قانون نے کہا بل اراکین کے ٹیبلٹ میں موجود ہے۔ اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی نے کہا ہم اس پارلیمنٹ کے ممبر ہیں، ہم چاہتے ہیں قانون سازی ہو، بل آپ لے کر دیں، ساتھی پڑھ لیں گے اور اپنی رائے دیں گے، کم از کم دو تین دن رکھیں اس پر بحث ہو۔ محمود خان اچکزئی نے کہا بانی پی ٹی آئی عمران خان کو آسمان کا مسئلہ بنا دیا ہے، بدترین کریمنل کا حق ہوتا ہے کہ اس کی صحت کا خیال رکھا جائے۔ اس دوران نیشنل کمانڈ اتھارٹی ایکٹ ترمیمی بل 2026 منظوری کے لیے پیش کیا گیا جسے کثرت رائے سے منظور کر لیا گیا۔

اسلام آباد، تھنک ٹینک آس کے اجلاس میں کنور دلشاد و دیگر شریک ہیں

نوجوانوں اور پارلیمنٹیرینز کا تمباکو کنٹرول کے اقدامات مزید مؤثر بنانے پر زور

تمباکو سے پاک پاکستان "وژن کو آگے بڑھانے کیلئے مشترکہ کام جاری رکھنے کے عزم کا اظہار

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) اسلام آباد میں یوتھ مینٹورز اور پارلیمنٹیرینز کے لیے ایک آگاہی و تربیتی نشست کا انعقاد کیا گیا، جس کا موضوع "تمباکو سے پاک پاکستان کے لیے نوجوان آگاہی سے عملی اقدامات تک" تھا۔ نشست میں پارلیمنٹیرینز، ماہرینِ صحت، تمباکو کنٹرول کے نمائندگان، یوتھ مینٹورز، سول سوسائٹی اور عورت فاؤنڈیشن (AF) کی ٹیم نے شرکت کی۔ شرکاء نے پاکستان کے نوجوانوں کو تمباکو اور جدید نکوٹین مصنوعات کے مضر اثرات سے محفوظ رکھنے اور تمباکو کنٹرول کے اقدامات کو مزید مؤثر بنانے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ نشست میں محترمہ سیدہ آمنہ بتول، رکن قومی اسمبلی و فوکل پرسن وزیراعظم یوتھ پروگرام (PMYP)، محترمہ سبین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں تین سپلائر گرفتار

منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے کارروائیاں جاری رہیں گی، حکام

راولپنڈی (کرائم رپورٹر): راولپنڈی پولیس نے منشیات کے خلاف مختلف کارروائیوں میں تین منشیات سپلائرز کو گرفتار کر کے چار کلو 410 گرام چرس برآمد کر لی۔ ٹیکسلا پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ایک ملزم سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

اسلام آباد پارلیمنٹیرینز، ماہرینِ صحت، تمباکو کنٹرول کے نمائندگان، یوتھ مینٹورز، سول سوسائٹی ممبران اور عورت فاؤنڈیشن (AF) کی ٹیم کا گروپ فوٹو

نئے صوبوں کے قیام کیلئے کمیشن بنایا جائے، مقررین آس تھنک ٹینک

بڑے پیمانے پر آئین میں ترامیم کی ضرورت، نئے صوبوں سے معاشی صورتحال بہتر اور عوام کی خوشحالی میں اضافہ ہوگا

ہسپتال، یونیورسٹیوں اور دیگر سہولیات میں اضافہ اور وسائل کی نچلی سطح پر منتقلی ہوگی، ہارون رشید، کنور دلشاد و دیگر کی گفتگو

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) تھنک ٹینک آس کے زیر اہتمام پاکستان میں نئے صوبوں کے قیام سے معاشی، سیاسی، انتظامی، سماجی اثرات اور آئینی معاملات پر مذاکرے میں مقررین نے نئے صوبوں یا انتظامی اکائیوں پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا یہ دیکھنے کی ضرورت ہے کہ کیا نئے صوبوں یا انتظامی اکائیوں سے انتظامی معاملات بہتر ہونگے، نئے صوبوں کے قیام کے اصل مقاصد سامنے آنے چاہئے اور اس پر وسیع پیمانے پر ڈائیلاگ کی ضرورت ہے، نئے صوبوں کے قیام کے لیے ایک کمیشن بنایا جائے کہ سفارشات مرتب کرے، نئے صوبوں سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

ربیع الاول نعت خوانی کا اہتمام کیا جائے، ہاشم حقانی

حکومت تمام جلوس کے راستوں کو مکمل فل پروف سیکیورٹی فراہم کرے

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) ربیع الاوّل کے ان بابرکت ایام میں گھر گھر نعت خوانی کا اہتمام کیا جائے۔ علامہ ہاشم حقانی۔ میلاد النبی صل اللہ علیہ والہ وسلم کے جلوسوں کو تمام خرافات ڈھول باجوں رقص سے پاک کیا جاے۔ حکومت پاکستان تمام جلوس کے راستوں کو مکمل فل پروف سیکیورٹی فراہم کرے۔ میلاد النبی صل اللہ علیہ والہ وسلم کے تمام جلوسوں کو قومی چینل اور تمام پرائیویٹ چینل پر براہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

ہومیوپیتھی کے فروغ کیلئے ریسرچ لیبارٹری کا قیام ناگزیر ہے، ڈاکٹر جاوید شاہ

ہومیوپیتھی کے حوالے سے تحقیق اور علمی کاوشیں وقت کی اہم ضرورت، تحقیقی منصوبے شروع کیے جائیں، خطاب

15 سے 20 پی ایچ ڈی ڈاکٹرز تحقیق کے لیے خدمات پیش کرنے کو تیار ہیں، سابق صدر نیشنل کونسل فار ہومیوپیتھی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) نیشنل کونسل فار ہومیوپیتھی کے سابق صدر ڈاکٹر جاوید شاہ نے کہا ہے کہ ہومیوپیتھی کے شعبے میں جدید اور معیاری تحقیق کے فروغ کے لیے باقاعدہ ریسرچ لیبارٹری کا قیام وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اس مقصد کے لیے مخصوص کی گئی جگہ پر فوری طور پر تحقیقی سرگرمیوں کا آغاز کیا جانا چاہیے۔ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر جاوید شاہ نے کہا کہ ہماری دیرینہ خواہش تھی کہ یہاں ایک باقاعدہ ریسرچ لیبارٹری قائم کی جائے، کیونکہ یہ جگہ پہلے ہی تحقیقی سرگرمیوں کے لیے مختص کی گئی تھی۔ انہوں نے کہا کہ اس سلسلے میں ماضی میں بھی کوششیں کی گئیں، تاہم اب ضرورت ہے کہ اس منصوبے کو عملی شکل دی جائے۔ ڈاکٹر جاوید شاہ نے کہا کہ مذکورہ مقام پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

اسلام آباد، اسلحہ سے خوف و ہراس پھیلانے والے 5 ملزمان گرفتار

شہریوں کی جان خطرے میں ڈالنے والوں کیخلاف کارروائی جاری رہے گی، ایس ایس پی

اسلام آباد (کرائم رپورٹر): اسلام آباد پولیس نے آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر "No to Weapon" مہم کے تحت کارروائیاں کرتے ہوئے ہوائی فائرنگ میں ملوث پانچ ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ تھانہ آبپارہ اور تھانہ کراچی کمپنی پولیس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

مری میں دو حادثات ایک شخص جاں بحق

مری (بیورو رپورٹ) گزشتہ روز مری میں دو حادثات، پہلا واقعہ مری کے نجی ہوٹل نزد کشمیر پوائنٹ سے اطلاع موصول ہوئی کہ ایک شخص بے ہوشی کی حالت میں نیچے پڑا ہے، اطلاع موصول ہوتے ہی قریبی ریسکیو ٹیم فوری طور پر موقع پر پہنچ گئی، ابتدائی طبی معائنے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

مری، مرکزی میلاد کمیٹی راولپنڈی کا اجلاس سرپرست وفاء الحق بخاری کی صدارت میں جاری ہے

مری کی تمام میلاد کمیٹیوں کا اجلاس، جلوس کے روٹ کو حتمی شکل دیدی گی

مری (نمائندہ خصوصی) مرکزی میلاد و سیرت کمیٹی انجمن جامع غوثیہ تحصیل و ضلع مری کے زیر اہتمام مری شہر کی تمام میلاد کمیٹیوں کا اجلاس صاحبزادہ تنسیم سلطان چشتی خطیب مرکزی جامع مسجد غوثیہ مری کی دعوت پر دارالعوام محمدیہ غوثیہ شعبہ حفظ کے آفس میں زیر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

مری پولیس کا کریک ڈاؤن 2 منشیات فروش گرفتار

مجموعی طور پر 4 کلو 520 گرام چرس برآمد کر لی گئی، مقدمہ درج

مری (بیورو رپورٹ) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر مری رضا تنویر سپرا کی ہدایات پر مری پولیس کا منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری، مختلف کارروائیوں کے دوران 2 منشیات فروش گرفتار جبکہ مجموعی طور پر 4 کلو 520 گرام چرس برآمد کر لی گئی، ایس ڈی پی او کوٹلی ستیاں ندیم ملک کی زیرِ نگرانی ایس ایچ او تھانہ کوٹلی ستیاں نفیس سرور اور ان کی ٹیم چن زیب اے ایس آئی نے کارروائی کرتے ہوئے منشیات فروش محمد سجاد عرف فوجی ولد فضل الہی سکنہ کٹھیاں، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

راولپنڈی پولیس کی کارروائیاں چھ افراد گرفتار شراب اور اسلحہ برآمد

راولپنڈی (کرائم رپورٹر): راولپنڈی پولیس نے مختلف علاقوں میں کارروائیاں کرتے ہوئے چھ افراد کو گرفتار کر کے 18 لیٹر اور 26 بوتل شراب جبکہ اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ پولیس کے مطابق کارروائیاں تھانہ بنی سول لائنز چکلالہ صدر واہ روات اور کلر سیداں کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

مورگاہ، اوورسیز پاکستانیوں کو لوٹنے والا گینگ گرفتار

ملزمان کے قبضے سے ایک کروڑ تین لاکھ، 22 موبائل فون و دیگر برآمد

راولپنڈی (کرائم رپورٹر): مورگاہ پولیس نے بڑی کارروائی کرتے ہوئے بیرون ملک سے وطن واپس آنے والے شہریوں کو لوٹنے والے تین رکنی بین الاضلاعی گینگ کو گرفتار کر لیا۔ سی پی او حسن مشتاق سکھیرا نے گینگ کی گرفتاری کے لیے خصوصی ٹاسک دیا تھا۔ پولیس نے ٹیکنیکل اور ہیومن انٹیلی جنس ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے ملزمان کو گرفتار کیا۔ ملزمان کے قبضے سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

مری، مرکزی میلاد و سیرت کمیٹی کا عید میلاد النبیؐ بارے اہم اجلاس جاری ہے

آزاد کشمیر خواتین کی مخصوص نشستوں پر میرٹ نظر انداز کیا گیا، بلقیس راجہ

سینئر خواتین کو انٹرویو کا موقع دیا جائے، مرکزی نائب صدر مسلم لیگ ن آزاد کشمیر

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) مسلم لیگ (ن) آزاد کشمیر کی مرکزی نائب صدر بلقیس صابر راجہ نے آزاد کشمیر میں خواتین کی مخصوص نشستوں کے امیدواروں کے انتخاب کے طریقہ کار پر تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ تمام خواتین امیدواروں کو انٹرویو اور اپنا مؤقف پیش کرنے کا مساوی موقع دیا جائے، اس کے بعد میرٹ پر فیصلہ کیا جائے۔ میاں نواز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

اسلام آباد، مسلم لیگ (ن) آزاد کشمیر کی مرکزی نائب صدر بلقیس صابر راجہ پریس کانفرنس کر رہی ہیں

اسلام آباد پولیس کا کریک ڈاؤن 41 ملزمان گرفتار

قبضے سے آئس، چرس، رائفل، تین کلاشنکوف سمیت دیگر مال برآمد

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) اسلام آباد پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے سنگین جرائم میں ملوث عدالتی مفروران اور اشتہاری مجرمان سمیت 41 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق منشیات فروشی اور غیر قانونی اسلحہ رکھنے میں ملوث 25 ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ ملزمان کے قبضے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

مرکزی میلاد و سیرت کمیٹی ضلع مری کا ایک اجلاس

مری (نامہ نگار خصوصی) مرکزی میلاد و سیرت کمیٹی ضلع مری کا ایک اجلاس صاحبزادہ تنسیم سلطان چشتی خطیب جامع مسجد غوثیہ مری کی دعوت پر کمیٹی کے سرپرست اعلی سید وفاء (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

محسن عزیز کو ٹکنوکریٹ سیٹ پر نمائندگی دینے کا مطالبہ

انجینئر محسن عزیز کے ساتھ ناانصافی پر کشمیر اور فیڈرل کی انجینئرز کمیونٹی سراپا احتجاج

اسلام آباد (پ ر) اسلام آباد: فیڈرل ایسوسی ایشن آف گورنمنٹ انجینئرز (فیج) کے جنرل سیکرٹری انجینئر فیصل حیات خان نے مسلم لیگ (ن) کی اعلیٰ قیادت سے مطالبہ کیا ہے کہ حلقہ حویلی سے مسلم لیگ (ن) کے امیدوار انجینئر محسن عزیز کو آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کی ٹیکنوکریٹ نشست پر نمائندگی دی جائے اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

آزاد کشمیر، نئی حکومت عوامی مسائل حل نہیں کر سکے گی: راجہ آزاد

موجودہ سیاسی صورتحال نے آزاد کشمیر میں عوامی اعتماد کو شدید متاثر کیا ہے

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) آل جموں و کشمیر مسلم لیگ کے چیئرمین راجہ آزاد خان نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر کے حالیہ انتخابات متنازعہ ہو چکے ہیں، اس لیے انتخابات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

اسلام آباد، ہم ہیں پاکستان یوتھ کمپین کی تقریب میں رکن اسمبلی شائستہ پرویز ملک و دیگر کا گروپ فوٹو

اڈیالہ طوفانی بارشوں سے جل تھل ایک ہوگیا

اڈیالہ (نامہ نگار) ہر طرف پانی ہی پانی۔ طوفانی بارشوں سے علاقہ جل تھل ہو گیا۔ مقامی قبرستان کی دیوار گرنے سے قبروں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

ہوشیار باش، آج بجلی بند رہے گی، شیڈول جاری

اسلام آباد (اے پی پی) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) نے آج (جمعہ) کے لیے عارضی بجلی بندش کا شیڈول (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

گاؤں سائل سویڑی دوبارہ یوسی بیور میں شامل

عوام کے مسائل کا مقدمہ بھی اسی جوش و جذبے سے لڑوں گا، راجہ اشفاق

اڈیالہ (نامہ نگار) راجا محمد اشفاق، کی کاوش رنگ لے آئی۔ گاؤں سائل سویڑی کو دوبارہ یوسی بیور میں شامل کروالیا گیا۔ آئندہ انتخابات میں امیدوار بھی ہوں۔ علاقے کے عوام کے مسائل کا مقدمہ بھی اسی جوش و جذبے سے لڑوں گا۔ ان خیالات کا اظہار راجہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

عوامی قوت پارٹی کے شعبہ علماء مشائخ ونگ کا اعلان

علماء مشائخ سپریم کونسل میں میر اشتیاق، عطا الرحمن مدنی و دیگر شامل

ہم پارٹی کے تمام ونگز کو مضبوط کر رہے ہیں، سربراہ پارٹی خاقان وحید خواجہ

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان عوامی قوت پارٹی کے شعبہ علماء مشائخ ونگ کا اعلان کر دیا گیا۔ جس کو پاکستان عوامی قوت پارٹی علماء مشائخ سپریم کونسل کا نام دیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں پاکستان عوامی قوت پارٹی کے سربراہ اور راول جنرل اینڈ ڈینٹل ہاسپٹل و راول فاؤنڈیشن کے چیئرمین خاقان وحید خواجہ نے ایک اعلی سطحی وفد سے ملاقات کے بعد کیا۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

پاکستان عوامی قوت پارٹی علماء و مشائخ سپریم کونسل کے عہدیداروں کا خاقان وحید خواجہ کے ہمراہ گروپ فوٹو

نکاسی آب کے اقدامات جاری، عوام تعاون کریں، ڈی سی راولپنڈی

واسا اور ضلعی کونسل کی مشینری بھی موقع پر طلب کر لی گئی، شہری غیر ضروری سفر سے اجتناب کریں، کیپٹن ریٹائرڈ ندیم ناصر

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے راولپنڈی کی تحصیل گوجر خان کا دورہ کیا انہوں نے جی ٹی روڈ پر جنڈی موڑ کے مقام پر میں شاہراہ کے نیچے سے گزرنے والا کلورٹ (پانی کی نکاسی کا راستہ) کا معائنہ کیا۔ یہ کلورٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

پانی کی قلت، واسا متحرک ٹینکرز کے ذریعے سہولت دی جارہی ہے، ڈی سی مری

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایات پر اہالیان مری کو مفت پانی کی فراہمی کی سہولت دی جارہی ہے

کوتاہی برداشت نہیں، شہری پانی کے ضیاع سے بچیں، بحران پر قابو پانے میں ٹیموں کیساتھ تعاون کریں، ظہیر عباس شیرازی

مری (نمائندہ خصوصی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے، ضلع مری میں پانی کی قلت سے دوچار علاقوں میں واسا (WASA) مری کو مکمل طور پر متحرک کر دیا گیا ہے۔ شہر کے مختلف علاقوں میں شہریوں کو پانی کی بلاتعطل فراہمی کے لیے ٹینکرز کے ذریعے صاف پانی کی ترسیل کا عمل تیزی سے جاری ہے۔ ضلع کے مختلف علاقوں میں واسا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

سواں گارڈن میں پنجاب میٹ شاپ کا افتتاح

خورشید قریشی، راحت جاوید افتتاحی تقریب کے مہمان خصوصی تھے

اسلام آباد (نمائندہ۔شہرنامہ) پنجاب میٹ شاپ کے نام سے سواں گارڈن میں نئی دکان کا افتتاح ہوا۔ انجمن تاجران میٹ ایسوسی ایشن کے صدر خورشید احمد قریشی، راولپنڈی میٹ ایسوسی ایشن کے صدر راحت جاوید اس تقریب کے مہمان خصوصی تھے۔ اس موقع (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

قتل اقدام قتل کے مقدمے میں مطلوب مرکزی اشتہاری گرفتار

راولپنڈی (کرائم رپورٹر): پیرودھائی پولیس نے قتل اقدام قتل اور ضرر کے مقدمے میں مطلوب مرکزی اشتہاری کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق اشتہاری نے معمولی تلخ کلامی پر ساتھیوں کے ہمراہ فائرنگ کر کے ایک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

جہانگیر عباسی، مظلوم عباسی کی قیادت میں نان بائی اے سی نیلور دفتر کے باہر احتجاجی مظاہرہ کر رہے ہیں

نان بائی ایسوسی ایشن کا اے سی نیلور دفتر کے باہر مظاہرہ

عدالت سے سٹے کے باوجود ہمارے چار بندوں کو گرفتار کیا گیا، مظاہرین

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) مرکزی نان بھائی ایسوسی ایشن کے صدر جہانگیر عباسی کی قیادت میں اے۔سی نیلور کے دفتر کے باہر احتجاجی مظاہرہ کیا گیا اس مظاہرے میں ترامڑی علی پور نیلور سے ملحقہ تندور کے مالکان شریک ہوئے صدر نان بھائی ایسوسی ایشن جہانگیر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

راولپنڈی، گینگ، اشتہاری منشیات فروش اور اسلحہ بردار ملزم گرفتار

لاکھوں روپے مالیت کا قیمتی سامان منشیات، شراب اور اسلحہ برآمد کر لیا گیا

راولپنڈی (کرائم رپورٹر): راولپنڈی پولیس نے مختلف علاقوں میں کارروائیاں کرتے ہوئے بیرون ملک سے آنے والے شہریوں کو لوٹنے والے تین رکنی بین الاضلاعی گینگ سمیت متعدد ملزمان کو گرفتار کر لیا جبکہ لاکھوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

خالد مسیح اے ایس آئی آن ڈیوٹی وفات پا گئے

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) راولپنڈی کے فرض شناس پولیس آفیسر خالد مسیح اے ایس آئی گزشتہ روز آن ڈیوٹی وفات پا گئے ہیں، اے ایس آئی خالد مسیح گردوں کے عارضہ میں مبتلا تھے، ان کی اچانک وفات پر محکمے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

انتقال پر ملال

مری (نمائندہ خصوصی) ضلع مری کی معروف سیاسی، سماجی و کاروباری شخصیت پاک شوز کے مالک ممتاز عرف کالا قضائے الہٰی سے طویل علالت کے بعد انتقال کر گئے، مرحوم کو ہزاروں سوگواروں کی موجودگی میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

والز سٹی کا مال روڈ پر ری ماڈلنگ کا کام انتہائی ناقص اور غیر معیاری ہے، تاجر و عوامی حلقے

مری (بیورو رپورٹ) مال روڈ کے تاجروں اور عوامی حلقوں نے کہا ہے کہ والز سٹی کا مال روڈ پر ری ماڈلنگ کا کام انتہائی ناقص اور غیر معیاری ہے، بہترین لکڑی کے استعمال کے بجائے انتہائی سستی اور ناقص لکڑی استعمال کی گئی اور غیر معیاری دیگر میٹریل لگایا گیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

مری میں پانی کی قلت، واسا حکام متحرک

ٹینکرز کے ذریعے صاف پانی کی ترسیل کا عمل تیزی سے جاری

مری (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے ضلع مری میں پانی کی قلت سے دوچار علاقوں میں واسا (WASA) مری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

اڈیالہ، مہنگائی نے عوام کی مت ماردی

بڑھتی قیمتوں نے مہنگائی کا طوفان برپا کر دیا، تاجر اور عام شہری پریشان

اڈیالہ (نامہ نگار) مہنگائی نے عوام کی مت ماردی۔ سفید پوش طبقے کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

ڈپٹی کمشنر جہلم کی زیر صدارت امن کمیٹی کا اجلاس

محافلِ میلاد، نعتیہ محافل، اجتماعات اور دیگر تقریبات کے انتظامات کا جائزہ

جہلم (حاجی مخدوم حسین چوہدری سے) ماہِ ربیع الاول کی بابرکت ساعتوں اور 12 ربیع الاول کے حوالے سے عید میلاد النبی ﷺ کی تقریبات کو شایانِ شان، پُرامن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

سی ڈی اے لیبر یونین کی ڈاکٹر نعیم تاج کو تمغہ امتیاز نامزدگی پر مبارکباد

معروف سرجن کی کامیابیاں نوجوان طبی ماہرین کے لیے بھی مشعلِ راہ ہیں، گفتگو

اسلام آباد (نمائندہ۔شہرنامہ) قائد و جنرل سیکرٹری سی ڈی اے لیبر یونین امان اللہ خان نے وفد کے ہمراہ کیپیٹل ہسپتال کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر اور معروف سرجن ڈاکٹر محمد نعیم تاج (MBBS, FACS, FRCS, FCPS) سے ملاقات کی اور شعبۂ طب و جراحی میں نمایاں خدمات، پیشہ ورانہ مہارت اور غیر معمولی کارکردگی کے اعتراف میں انہیں تمغۂ امتیاز سے نوازے جانے پر دلی مبارکباد پیش کی۔ اس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

پی ایچ ایف، پاکستان ہاکی لیگ کا اعلان

قومی کھیل کی بحالی کا سفر شروع ہو چکا ہے، فیڈریشن حکام

اسلام آباد (نمائندہ۔شہرنامہ) پاکستان ہاکی کے لیے ایک بڑی پیشرفت سامنے آگئی ہے۔ ان شاء اللہ سال 2027 کی پہلی سہ ماہی میں "پاکستان ہاکی لیگ" کا باقاعدہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

GOVERNMENT OF PAKISTAN

PAKISTAN ORDNANCE FACTORIES
WAH CANTT

عزم استحکام

INVITATION TO BID

1. POFs Supply Chain Management invites bids from the original Manufactures/Authorized Dealers/Suppliers registered with Income Tax, Sales Tax Department for supply of **5 x items** of **PLASTIC & CELLULOID MATERIALS** against T.E **No. 0010/LP/MGF/57** Dated: **18-08-2026**
2. Bidding documents containing item wise detail, specifications and all other terms & conditions are available for the interested bidders at the office of the undersigned or can also be downloaded from POF Website (**www.ebidding.pof.gov.pk**) cost.
3. The bids completed in all respects, must be submitted **online on above mentioned portal** on or before **11-09-2026** but not later than closing time **1000 hrs.** The tenders will be opened at **1030 hrs** on the same date.

Director- Supply Chain Management
Tel: 051-9055-21088
Fax: 051-9314100
E-mail: procurement@pof.gov.pk

PID (I) 1639/26

SHEHAR NAMA Islamabad شہرنامہ اسلام آباد

شکایات سیل

★ آپ کہیں کرپشن دیکھتے ہیں اسے ختم کرنا چاہتے ہیں
★ آپ بے گناہ ہیں اور آپ کو کسی جھوٹے مقدمے میں ملوث کیا جا رہا ہے۔
★ آپ کا کوئی جائز مسئلہ ہے لیکن اس کے لیے کوئی رشوت مانگتا ہے
★ آپ کا حق تلف کیا گیا
★ آپ کو کہیں خواہ مخواہ بلیک میل کیا جا رہا ہے
★ آپ کیساتھ کسی قسم کی زیادتی کی گئی ہے اور اسکا ازالہ چاہتے ہیں
★ آپ آگر قبجہ گروپ کی چیرہ دستی کا شکار ہیں
★ آپ کی رقم دھوکہ دہی سے لوٹ لی گئی ہے
★ آپ کسی سرکاری ادارے یا اہلکار کے ناجائز دباؤ کا شکار ہیں
★ یا آپ کے ساتھ آپ کی نظر میں کوئی پریشان کن یا نقصان دہ مسئلہ موجود ہے۔

تو ہم سے رابطہ کریں۔

سکندر اعظم
انچارج انویسٹی گیشن اینڈ شکایات
روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد
Email:sheharnama@gmail.com
0333-5196088 051-2240356

SHEHAR NAMA MEDIA GROUP

آپ بھی ٹی وی چینل کا حصہ بنیں

شہرنامہ میڈیا گروپ
کے زیر اہتمام
اکیڈمی آف میڈیا

نیوز اینکر | رپورٹر | کیمرہ مین | پروڈیوسر | گرافکس ڈیزائنر | این ایل ای

سیکھئے معروف اینکرز، ایڈیٹر، رپورٹرز اور ٹیکنیکل ٹیم سے

www.sheharnama.com | facebook.sheharnama
051-2240356 | 0333-5196088 | Sheharnama@gmail.com

آفس ایڈریس: فرسٹ فلور العریش پلازہ غوری وی آئی پی اسلام آباد۔

ضرورت ہے ہمارے ادارے کے لیے

شہرنامہ NEWS

نیوز چینل + اخبار
کے لیے مندرجہ ذیل سینئر اسٹاف درکار ہے

گرافک ڈیزائنر GRAPHIC DESIGNER
ویڈیو ایڈیٹر VIDEO EDITOR

مطلوبہ مہارتیں
- Adobe Photoshop میں مہارت
- Adobe Illustrator / CorelDRAW علم
- Adobe Premiere Pro / CapCut / After Effects ویڈیو ایڈیٹنگ
- سوشل میڈیا پوسٹس، نیوز تھمبنیلز، بینرز اور اشتہارات ڈیزائن کرنے کا تجربہ
- تخلیقی صلاحیت اور وقت کی پابندی

ذمہ داریاں
- روزانہ سوشل میڈیا کے لیے گرافکس تیار کرنا
- نیوز ویڈیوز کی ایڈیٹنگ
- پرنٹ میڈیا (اخبار) کے لیے اشتہارات اور صفحات کی ڈیزائننگ
- ادارے کی برانڈنگ کے مطابق معیاری ڈیزائن تیار کرنا
- نیوز چینل اور اخبار کے لیے تخلیقی اور پیشہ ورانہ مواد فراہم کرنا

صبح 10:00 بجے تا شام 6:00 بجے

دلچسپی رکھنے والے امیدوار اپنا CV اور پورٹ فولیو درج ذیل نمبر پر واٹس ایپ کریں۔
0333-5196088
WhatsApp / Call

★ نوٹ: صرف تجربہ کار امیدواروں کو ترجیح دی جائے گی۔ ★